بتوفیق رنگین نمائے ریاحین چمن و عوض خرمی فزائے یاسمین سخن

شاہنامہ اُردو

حسب

شیخ غلام علی برکت علی تاجران کتب بازار کشمیری لاہور نے

اپنے مطبع علمی پرنٹنگ پریس میں باہتمام فیروز الدین پرنٹر چھپایا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سزاوار حمد خدائے کریم — کہ ہے کردگار و غفور و رحیم
کبھی دے فریدوں کو وہ دستگاہ — کہ ہے گاہ جمشید کو وہ پناہ
جن و دیو و انسان و حور و پری — مہ و مہر اور زہرہ و مشتری
کیا اسنے پیدا یہ بالا و پست — زبردست دنیا میں اُسکے ہیں پست
عجب اسکی قدرت عجب شان ہے — عیاں اسپہ سب راز پنہان ہے
بھرے دم حباب اسکا دریا میں ہاں — رکھے موج ذکر اُس کا ہر دم زباں
چمن میں کیا سرو کو سرفراز — بہار و خزاں سے ہے بے نیاز
خداوند کون و مکاں ہے وہی — نگہدار خلق جہاں ہے وہی
اگر وہ نہ دے قوت و زور سے — تو پھر منشی کوئی کیا کر سکے
توانا ہے وہ آپ اور زورمند — قوی ہے خداوند پست و بلند
گدا و شہ اسکے ہیں فرماں پذیر — وہ سب کا ہے یاری و دستگیر

شہی بخش شاہنشہاں ہے وہی — بلندی دہ خسرواں ہے وہی
کبھی ناتوانوں کو بخشے وہ زور — سلیماں کو گاہے کرے زیر مور
کئے اسنے قدرت سے پیدا تمام — نہاں تھے جو سب عدم میں تمام
بلند اسنے چرخ بریں کو کیا — فراخ اسنے یکسر زمیں کو کیا
پرستار اُس کا ہے ہر اک مدام — کرے ذکر اُس کا سبھی خاص و عام
کیا اسنے آراستہ باغ دہر — عنایت سے اسکی ہے گل شاد و بہر
جہاں کا ہے پاک پروردگار — پرستار اسکے ہیں سب تاجدار
دلیروں کو اسنے کیا ہے دلیر — کیا نرہ شیروں کو اسنے ہی شیر
گدا کو وہ چاہے تو دے خسروی — ضعیفوں کو دم میں وہ کر دے قوی
وہ بخشے جسے عزت و افتخار — نہ دے تاب کسکی کرے پھر جو خوار
تو اے منشی اسکی ہی کر التجا — کہ شاہ و گدا اسکا ہے ملتجا
تو درگاہ میں اسکی ہو ہم زباں — تضرع کناں اور مناجات خواں

مناجات بدرگاہ حق سبحانہ تعالےٰ

ہیں افتادہ و پابستہ خاک ہوں — ستمدیدہ دور افلاک ہوں
ستاتی ہے اب گردش روزگار — مجھے خوار کرتے ہیں لیل و نہار
یہ پھرتا نہیں بخت برگشتہ آہ — رکھے ہے سرگشتہ شام و پگاہ
نہیں ہے کوئی اور فریاد رس — تو ہی دادخواہوں کا ہے دادرس
نگاہ کرم مجھ پہ کر یا خدا — مجھے بند رنج و الم سے چھڑا
ہرا کر تر و تازہ باغ مراد — مرا کر تو روشن چراغ مراد
دکھا اب بہار گل آرزو — پلا مجھکو جام مل آرزو
گنہگار ہوں اور عصیاں شعار — ولے تو ہے غفار آمرزگار

گنہ بخش میرے کہ میں بندہ ہوں
پرستندہ ہوں اور افگندہ ہوں

نہیں اور کچھ خواہش دل بیاں
ولیکن تمنا ہے یہ ہر زماں

نہ درگاہ سے اپنی رکھنا مراد
تو برلا مراد اور رکھ مجھکو شاد

شبستان دلکو مرے سربسر
چراغ خرد سے منور تو کر

میری طبع ہو نکتہ دان با الٰہ
معانی شناسی کی ہو دستگاہ

مرے خامہ کو کر تو گوہر فشاں
زباں کو مری کر فصیح البیاں

مجھے اپنے در کے سوا اور در
دکھا مت خدائے داور دادگر

کہ منت کش غیر ہرگز ہوں
ترا ایک ممنون احسان ہوں

جہاں میں نہ رکھ دل پریشاں مجھے
نکر فکر روزی سے حیراں مجھے

مجھے اپنے گنجینۂ فیض سے
در دانش و گوہر عقل سے

مجھے بخش اب دستگاہ سخن
شتابی دکھا مجھکو راہ سخن

الٰہی مری اب دعا ہو قبول
بحق محمدؐ طفیل بتولؓ

نعت سرور کائنات جناب رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام

پر از مشک و عنبر ہوئی ہے دہاں
ثنائے محمدؐ ہے ورد زباں

سر سروراں ہے وہ عالیجناب
سپہر نبوت کا ہے آفتاب

سر سروراں احمد مجتبےٰ
رسول خدا سید الانبیا

سحاب سخا و محیط کرم
یم جود و خوش خلق عالی ہمم

فروغ جہاں نور ایمان و دیں
وہ شمع شبستان اہل الیقیں

فرازندۂ رایت سروری
درخشندہ خورشید پیغمبری

قدم اسنے معراج پر جب رکھا
تو پایہ بڑھا اور معراج کا

میسر ہوا جب کہ قرب حضور
نظر اس کو آیا وہ تابندہ نور

بخشا اسے پایگاہ رفیع
ہوئے جسکے شاہان عالم مطیع

کروں اسکے اصحاب کا اب بیاں
کہ ہیں صاحب عز و فخر فشاں

کرے اب جو اوصاف کا کچھ بیاں
طاقت قلم میں نہ تاب و تواں

معین و مددگار ہو یا مصطفےٰ
میرے دلکے برلاؤ تم مدعا

وہ ختم رسل سرور نامور
فلک جسکے آگے جھکاتا ہے سر

جہاں جسکے دیں سے ہے روشن تمام
مہ انور اس کا ہے ادنیٰ غلام

خردمند دانش ور و بے نظیر
بسان مہ و مہر روشن ضمیر

وہ مہر جہانتاب اوج جلال
وہ سرو سرافراز باغ کمال

شفیع گناہاں بروز جزا
کشائندۂ عقدۂ مدعا

وہی خاص خاصان درگاہ دار
کہ جسنے کیا دین کو استوار

سپہر بریں گئے نہ ہے خوش نصیب
ہوا جلوہ گر واں خدا کا حبیب

تجلی کہیں جسکو اہل یقیں
خدا ہے جس نے زمان و زمیں

گرامی و اشرف ہے انبیا میں
غرض اسکی لولاک ہے شان میں

ابوبکرؓ عثمانؓ والا گہر
عمرؓ اور علیؓ وہ شہ نامور

کروں میں سخن کو بس اب مختصر
یہ ہے عرض میری کہ شام و سحر

گنہگار ہوں میں بروز حساب
مری کیجیو تم شفاعت شتاب

یہ بنشی تمہارا ہے ادنے غلام
کرم اس پہ اپنا کرو صبح و شام

بکہ اے خامہ اب مدح شاہ جہاں
شہنشاہ جمجاہ صاحبقراں

در تعریف ابو نصر محمد معین الدین محمد اکبر شاہ بادشاہ غازی

جہاں دار اکبر شہ بے نظیر
خداوند تاج و کلاہ و سریر

ہمایوں خصائل شہ نامور
خجستہ شمائل فرشتہ سیر

محبت رکھے تو وہ درویش سے
مودت ہے اسکو وفا کیش سے

حقیقت کروں علم کی کیا بیاں
نہیں اسکے ہمسنگ کوہ گراں

فروزندہ خورشید برج سہی
گرامی در درج شاہنشہی

جہانبان دین پرور حق پژوہ
حقایق شناس شاہ والا شکوہ

شناور ہے دریائے عرفان کا
دل اس کا ہے مثل گہر صد صفا

فزوں شفقت و خلق و ہمت بلند
مروت میں یکتا شہ ارجمند

خدیو زماں شاہ عالی وقار | شہ دادگر خسرو نامدار || جہاں پرور و کامِ بخشِ جہاں | سر سرفرازان گیتی ستاں
وہ دولت شاہ عالم پناہ | فقیر و غنی کا ہے امید گاہ || بنے کام یاں ہر کسی کا شتاب | یہاں آکے ہر کوئی ہو کامیاب
یہ وہ بارگاہ ہے کہ امیدوار | نہ محروم یاں سے گیا زینہار || سخاوت میں دیکھا تو بحر سحاب | حضور اسکے خجلت سے ہے غرق آب
کفِ جود سلطان والا گہر | گہر بار رہتا ہے شام و سحر || اگرچہ ہو فرمانبروں سے کہا | کرے عفو از رہِ لطف و عطا
جہاں کشاں ہو وہیں سجدہ کناں | وہ ہے آستان جبین زماں || جھکایا یہاں جو سر انکسار | تو چرخ بریں نے یہ پایا وقار
نہ یہ رتبہ چرخ ہوتا کبھی | اٹھاتا نہ گر اس کی ... کبھی || تو اک ہیں سب انس بخت گواہ | کہ مشتری اسکا ہے رخشندہ ماہ
عطارد رہی منشی جہاندار کا | سپاہی ہے مریخ سرکار کا || جو یاں مشتری گرم طاعت ہوئی | تو اس کو یہ قسمت سعادت ہوئی
کیونکہ ہو زہرہ کا یا فخر شان | کہ ہے نغمہ سنجاں کا چاکر یہاں || زحل نے اطاعت جو کی اختیار | تو پایا فلک پر بڑا اختیار
بلطف شہنشاہ عالیجناب | فقط دوستاں ہی نہیں کامیاب || جو دشمن بھی ہوں آکے عذر خواہ | کرے اپنے احسان سے وہیں پناہ
شہنشہ کے اوصاف ہیں بے تمام | نہیں تاب کلک و زباں نہ یہاں || کرے جو بیاں وصف شاہ زمن | دعا پہ ہے ناچار ختم سخن
منشی کی ہو آرزو ہر زماں | یہی ہے دعا اسکی ہر روز یاں || کہ یارب شہنشہ و شاداں رہے | ترا لطف اس پر نگہباں رہے
ہو اس کی شمشیر کشور ستاں | نہ خاک و خوں ہو سر دشمناں || جہاندار اکبر بہ روز بخت | ہمیشہ جہاں میں ہے با تاج و تخت

بیان سبب تالیف کتاب

عزیزان معنی شناس ایک دن || کہ تھا شامل نو روز بہجت فروز
ہم محفل آرا تھے ہنگام شب | ہوا تھا سامان عیش و طرب || وہ مجلس تھی رشک بہار چمن | سحر اک لطیفہ تھا ذکر شعر و سخن
تواریخ کا بھی جو مذکور تھا | تو پھر ہر کسی نے بیاں یوں کیا || کہ ہے شاہنامہ تماشا کتاب | عجب نظم دلکش ہے با آب و تاب
سے ہر کسی کو میسر نہیں | یہ تاریخ فرخ نہیں ہر کہیں || توکل کہ مرد سخن سنج تھا | کیا ترجمہ اس نے شہنامہ کا
لکھی نثر میں نسخہ مختصر | کہ احوال معلوم ہو سر بسر || یہ شمشیر خانی وہ موسوم ہے | تمام اسمیں احوال مرقوم ہے
یہ سن کر کہا مرے مہرباں | سخن فہم و دانش ور و نکتہ داں || کہ زور آور انکا جہاں میں ہے نام | بخلق پسندیدہ مشہور عام
یہ بولے کہ اے منشی اس نامہ کو | تم اب ریختی کی زباں میں لکھو || کرو نظم ترتیب باآب و تاب | بخلق پسندیدہ گردوں جناب
یہ سلطان کے جو ہے تاج شاہنشہاں | وہ خاقاں کہ ہے خسرو خسرواں || چراغ شبستان سلطان سپہر | جہاندار بخشندہ لعل و در
خدا نے جسے شاہ اکبر کیا | خداوند اورنگ و افسر کیا || زبان سخن جب تو با صد طرب | وہیں کر کے شمشیر خانی طلب
ہوا میں دل و جاں سے مصروف کار | لکھی نظم یہ دلکش و آبدار || بجز فکر اشعار شام و سحر | نہ تھی مجھ کو زینہار فکر دگر
معانی شناسان فرخ نہاد | سخن آشنایان با دین و داد || ہوئے سنکے اس نظم کو شاد کام | رو منصفی سے یہ بولے تمام
کہ واللہ یہ نامہ دلپذیر | بہت خوب ہے بلکہ ہے بینظیر || بجا ہے جو ہوں اسپہ گوہر نثار | کہ ہے یہ تمام شہ نامدار
مرتب یہ شاہنامہ جب ہو چکا | کیا فکر تب سال تاریخ کا || تو پھر ہاتف غیب نے صبح دم | کہا قصہ خسروان عجم

نخستین ذکر سلطنت کیومرث و جنگ لشکر دیوسار!

سخنگوی روشندل و ہوشمند
یہ کہتا ہے نہ سپہر بلند

ہوا پہلے جو کوئی کشور کشا
شہ دادگستر کیومرث تھا

سدا کوہ میں تھا وہ مسکن گزیں
بجز چرم پوشاک تھی کچھ نہیں

سیامک تھا اس شاہ کا اک پسر
خردمند مثل پدر نامور

کیومرث کا دشمن اک دیو تھا
ارادہ اسے اس سے تھا جنگ کا

غرض بچہ اس دیو کا ایک بار
پدر سے لگا کہنے اے نامدار

یہ ہے عرض میری کہ جو حکم ہو
تو جاؤں کیومرث کی جنگ کو

سنا اسنے جب یہ بیان پسر
تو دیوؤں کی فوج اسکے ہمراہ کر

کیا اس کو وہیں رواں جو شاہ
کہ تا ہو کیومرث سے کینہ خواہ

سیامک نے جسدم سنی یہ خبر
کیا عرض جا کر حضور پدر

کہ اب حکم کا ہوں میں امیدوار
جو ہو حکم جاؤں پئے کارزار

کیومرث نے اسکو رخصت کیا
بہت اس کے ہمراہ لشکر لیا

جو وہ بادشہزادۂ جنگ جو
ہوا بچۂ دیو کے رو برو

تو پھر بچۂ دیو کے ہاتھ سے
نہ ہر گز ہوئی پھر رہائی اسے

سیامک ہوا رزمگہ میں ہلاک
بلا جسم اس کا تہ خون و خاک

یکایک جو لشکر نے کھائی شکست
سپہر بریں نے کیا اسکو پست

حضور کیومرث آئے دواں
ہوا شاہ غمگین و گریہ کناں

سیامک کا ایک سال ماتم رہا
دل و جان کو اپنے پر غم رکھا

سنی بعد اسکے اک آواز غیب
ہوا شاہ کو یوں عیاں راز غیب

کہ بس اب صبوری کو کر اختیار
زیادہ نہ ہو نوحہ گر زینہار

ذرا رکھ تو دل کو قرین خوشی
کر اب جا کے دیووں پہ لشکر کشی

مظفر تو ہوگا بفضل اله
دلیرانہ دیوؤں سے ہو کینہ خواہ

زمیں دیو ناپاک سے پاک کر
رخ دیو سرکش تہ خاک کر

کیومرث نے جب سنی یہ ندا
تو ہو شادماں غم کدے سے اٹھا

کیا اپنی آراستہ فوج کو
ہوا ساتھ دیوؤں کے پھر جنگجو

سیامک کا اک پور ہوشنگ تھا
کہ سر تا پا ہوش و فرہنگ تھا

دلیر و ہنرمند اہل تمیز
کیومرث کا جان و دل سے عزیز

کیا شاہ نے اسکو سردار فوج
روانہ ہوا پھر وہ مانند موج

درندا اور چرندا اور ہر جانور
سدا تھے مطیع شہ نامور

کیومرث کے ساتھ باہم دد و
روانہ ہوئے واں سے ہر دو

جو پہنچا وہ لشکر تو یہ دیو بھی
ہوا آ کے شہ کے مقابل وہی

پئے رزم شاہنشہ نامدار
وہ لایا بہت لشکر دیو سیاہ

ہوا گرم بازار رزم و ستیز
ہوئی ایک پا وہاں رستخیز

زبس گرم کیں ہر دلاور ہوا
تو مغلوب دیوؤں کا لشکر ہوا

ہوئے دیو عاجز دو دام سے
خفا زندگی کے ہوئے نام سے

ہزاروں ہوئے کشتہ و خستہ بس
رہی جنگ کی پھر نہ دیوؤں میں ہوس

کیومرث کے ہاتھ سے دیو سیاہ
ہوا کشتۂ خنجر آبدار

غرض دیو اور بچۂ دیو بھی
ہوئے قتل اور اس کا لشکر سبھی

کیومرث کے فتح شامل ہوئی
تمنائے دل اس کی حاصل ہوئی

کیومرث نے شاہ خجستہ خصال
جہاں میں رہا حکمراں تیس سال

بیان احوال سلطنت ہوشنگ

بفرخنده فالی ہوا بعد ازاں
وہ ہوشنگ فرمانروائے جہاں

ہوا جبکہ ہوشنگ فیروز بخت
بصد فرخی مالک تاج و تخت

جہاں پروری کرنے کی اختیار
کیا عدل و انصاف لیل و نہار

جہاں داد سے اسکی آباد تھا
نہ تھا نام غم کا ہر اک شاد تھا

لیا اور یہ کام فرہنگ سے
کہ آتش نمود اسکی سنگ سے

جب آیا ہی پور پشیں نظر
تو شاہ جہاندار فرخ سیر

سپاس خداوند لایا بجا
یہ ارشاد تاکید سے پھر کیا

کہ آتش ہے نور الٰہی تمام کرے خلق آتش پرستی تمام
جہاندار نے پھر بہ آئین نیک کیا جشن شاہانہ ترتیب ایک
سوئے شہر لایا وہی آب جو بآئین دلچسپ مطبوع نکو
بجز میوہ غیر برگ شجر نہ پوشاک تھی نہ خورش پیشتر
نشان اسنے دی سمن تا طعام دل مردماں کو کیا شادکام
سمور اور سنجاب اور پوستین کئے اسنے پیدا ز روئے زمین
جہاں میں یہ آہن گری کا ہنر کیا اسنے ظاہر نہ تھا پیشتر
چہل سال یاں داد و دانش رہا جہاندار ہوشنگ فرمانروا

در بیان احوال سلطنت طہمورث

عمر اسکی آخر ہوئی بعد ازاں ہوا شاہ طہمورث شاہ جہاں
وہ طہمورث شاہنشہ ارجمند جسے خلق عالم کہے دیو بند
رعیت نواز اور تھا داد گر تھا کام جز داد شام و سحر
تمنائے خاطر تھی بہبود خلق مراد دل بادشہ سود خلق
جو تھے عہد میں اس کے دانشوراں یہ اُن سے لگا کہنے شاہ جہاں
کہ تدبیر ایسی کرو کوئی اب کہ ہو خلق کو منفعت روز و شب
پھر آغاز داں پشم بافی ہوئی کہ پوشاک مردم کو کافی ہوئی
سیہ گوش اور یوز و شاہین و باز بعہد شہنشاہ گردن فراز
ہوئے سب گرفتار دام آنکر وہ سیکھے شکار افگنی سر بسر
شہ خلق پرور کا تھا اک وزیر خردمند و دانا و روشن ضمیر
وہ قید ایکدن کرکے ایک دیو کو لے آیا حضور شہ نامجو
وہیں دیو غیرت میں آئے تمام کیا عزم رزم شہ نیک نام
فراہم ہوئے دیو پئے جنگ شاہ ادھر سے ہوا شاہ بھی کینہ خواہ
جو سرکردہ دیوؤں کی تھا فوج کا سوا اس دیو سرکش کا غو نام تھا
صف آرا ادھر تھے وہ خونخوار دیو ادھر تھے دلیران گیہان خدیو
بہم جنگجو ہر دو لشکر ہوئے ہزاروں جگہ سے الگ سر ہوئے
وہ غو شاہ کے جب مقابل ہوا تو غو کا شہنشاہ قاتل ہوا
بیک گرز لوٹا سر کینہ خواہ دکھائی عدم کی وہیں اسکو راہ
رہے زندہ میدان میں اور جو دیو انہیں قید کر لیگیا وہ خدیو
پھرا رزمگہ سے جو وہ فتحیاب کیا حکم تب شاہ نے یوں خطاب
کرو قتل دیوؤں کو یکدست اب لگے کہنے دیوان خونخوار تب
اگر ہووے جانبخشی اے تاجور تو سکھلا دیں ہم ایک طرز ہنر
پذیرا کیا شاہ نے یہ التماس وہ لائے دوات و قلم شاہ کے پاس
شہنشہ کو لکھنا سکھایا وہیں وہ حرفوں کو پڑھنا بتایا وہیں
شہنشہ نے سی سال کی داد دی سبہ اسکے محکوم دیو و پری

بیان احوال سلطنت جمشید

پسر تھا جو جمشید طہمورث کا ہوا بعد اسکے وہ فرمانروا
جہاندار جمشید عالی تبار خردمند دانشور و ہوشیار
خداوند اورنگ شاہنشہی سپہدار اقلیم فرماندہی
دلیر و قوی زور آفاق گیر ہر اک شاہ تھا اس کا فرمان پذیر
شجاعت بہت خوب ہمت بلند اور اقبال و دولت سے تھا ارجمند
بہا سے فزوں اسکا جاہ و حشم سدا خلق پر اس کا لطف و کرم
ہنرمند آگہ دل و ذوفنون فراست سے ہر چیز کا رہنموں
فن پارچہ بافی و کشتکار کیا شاہ جمشید نے آشکار
فرد خز و دیبا و ریشم کتاں زرہ جوشن و تیغ و برگستواں
ہوا عہد میں اسکے پیدا یہ سب ہوئے اس جہاں میں ہویدا یہ سب
زراعت کے قابل زمیں تھی جہاں سو اسکے بھیجا تھا آب رواں
بادشہ نے مردم کو سنگ و گچ میں ہوا ہر کوئی ہر مکانیں مکیں
سنوار اور ہر شخص کو ہر مکاں دیا اور کیا حکم یہ بعد ازاں
کہ اب اس مکاں میں سب آسودہ رہو نہ بے شغل و بیکار ہرگز رہو
یہ دیوؤں کو ارشاد پھر واں کیا کہ تم طرز نقشہ مکانات کا

سکھاؤ یہاں مرداں کو تمام — اور کرنے لگیں سب عمارت کا کام
ہوا جبکہ حکم شہ نامدار — ہوئے دیو تب وہیں مشغول کار

وہ حمام اور قصر و ایوان کاخ — بنائے گزین بلند و فراخ
بنائے گچ و خشت اور سنگ سے — طرحدار دلچسپ ہر رنگ سے
بہت دلکشا اور بہت استوار — سراپا لطافت سراپا بہار
پھر اک تخت شاہ نے مرتب کیا — بیاقوت و گوہر مرتب کیا
اور اس تخت پر بیٹھتا تھا مدام — رہے تھا سدا خرم و شاد کام
کبھی حکم کرتا وہ یوں دیو کو — اٹھائے ہوئے تخت کو لے چلو
غرض دیو لے اڑتے دوش پر تخت — جہاں چاہتا وہ شہ نیک بخت
پہنچتا وہاں ایک دم میں بشوق — تھا دیووں اندیشۂ تحت و فوق
شہنشہ نے کشتی بھی تیار کی — محیط جہاں میں پہلے نہ تھی
سر سال کا ہے جو نوروز نام — سو اس کا موجد شہ ذوالکرام
جب آیا وہ نوروز عشرت قریں — تب اک جشن ترتیب کرتا وہیں
مہیا مے و نغمہ ہوتا وہاں — غرض عیش کرتا وہ شاہ جہاں
جن و دیو انس و پری کو مدام — گہر بخشتا خسرو نیک نام
بعیش و طرب تین صد سال تک — رہا حکمراں شاہ زیر فلک
رہی خلق آسودہ و بے خطر — بہت خرم و شاد و شام و سحر
نہ بے شغل کوئی نہ بیکار تھا — کوئی دردمند اور نہ بیمار تھا

نہ تھا کوئی رنجور اُس دور میں
ہے مرگ بھی دور اُس دور میں

جو گذرے برس سات سو اس طرح
کیا ہے بیاں میں نے یاں جسطرح

تو شہ سے ہوئی دور دانش و نور
ہوا شاہ کے دل میں پیدا غرور

یکایک جو اپنی طرف کی نظر
کہ جاہ و حشم ہے مرا اسقدر

تو آیا وہیں دل میں جمشید کے
کہ ہمسر ہوں میں ماہ و خورشید کے

بجاہ و حشم زیر چرخ بریں
برابر کوئی اپنے دیکھا نہیں

اکابر جو تھے انکو کرکے طلب
یہ جمشید لایا زباں پر کہ اب

بتاؤ کہ دنیا میں ہے کوئی شاہ
کہ جسکا برابر ہو میرے جاہ

خداوند اور رنگ و افسر ہوں میں
جہاندار و بخشندہ رہنما ہوں میں

جہاں کو کیا میں نے آراستہ
جہاں فتنے سے ہوا ہیچ برخاستہ

خور و خواب آرام اہل جہاں
یہ جمعیت خاطر مردماں

نشاط و خوشی نغمہ و جام مے
مری ہی سبب سے ہے ہر ایک سے

جہاں میں ہوا مجھ سے پیدا ہنر
نہیں کوئی مجھ سا شہ نامور

سنا جبکہ جمشید سے یہ سخن
لگے کہنے دانشوران زمن

کہ بس ہے تو بخشندہ و دادگر
نہیں اور مجھ سا کوئی تاجور

ولے دل میں سمجھے وہ یزداں شناس
کہ جمشید حق سے ہوا ناسپاس

ہوا رخصت اُس سے بس اقبال و بخت
نصیبوں سے اسکے گیا تاج و تخت

کوئی ان کو دیکھے ہے یہ روز بد
ہوئی فرد فرماں وہی اسکی رد

وہ فرمانبران شہ نامدار
کنارا لگے کرنے بے اختیار

خفا ہو کے شاہ سے وہ یکبار سب
غرض اُٹھ گئے واں سے سردار سب

شہنشہ کے دل میں آیا ہراس
وہیں اُڑ گئے اُس کے ہوش و حواس

یقیں ہو گیا یہ کہ یزداں پاک
مقرر ہوا مجھ سے اب خشمناک

لگی دولت اس شہ سے منہ پھیرنے
لگی اسکو بیداد تیغ گھیرنے

جہاندار جمشید انجام کار
ہوا بس تباہ اور پریشان خوار

گرفتار قہر الٰہی ہوا
جدا بادشاہ سے تخت شاہی ہوا

ملا الغرض خاک میں بخت جم
ہوا جا کے ضحاک پھر تخت جم

لکھوں آگے ضحاک کی داستاں
کروں اُسکی اب سلطنت کا بیان

بیان احوال سلطنت ضحاک تازی

سپہدار مرتاض تازی بنام
شہ کامران خسرو دادگر امام

نہ تھا تازیاں میں وہ فرمانروا
رعیت نوازی میں مشغول تھا

ہزاروں بزور شتر گاو میش
رکھے تھا سپہ فرخندہ کیش

شب و روز ان چار پاؤں کا شیر
غریبوں کو دنیا شہ بے نظیر

پسر ایک تھا اُس کا ضحاک نام
جوان و دلیر و نکو احتشام

رکھے اسپ تازی تھا وہ دس ہزار
بڑا جاہ تھا اور بڑا اقتدار

حضور اُسکے ابلیس تھا راست گو
ہوا حاضر اک دن بشکل نکو

گذارش کئی لطیفے کہیں آن کر
کہ دلچسپ اسکے نہیں سر بسر

ولے تھا فریب اُسمیں یکسر بھرا
غرض سے سخن کوئی خالی نہ تھا

معرا تھا ضحاک جو عقل سے
ہوا خرم و شاد اس نقل سے

لگا کہنے ابلیس سے او بھی
بیاں کر لطیفہ بلطف و خوشی

وہ بولا اے شاہ فرخ نہاد
سخن تو بتا ایسے یاں مجھ کو یاد

یقیں میں کہتا ہوں اِک شرط سے
کہ گر عہد اور قول دے تو مجھے

کہ جو کچھ کہوں میں کرے تو وہی
کسی سے نہ یہ راز کھولے کبھی

قسم کھا کے ضحاک نے یہ شتاب
دیا اُس کو گفتار کا یہ جواب

یہ مذکور کیا جو زرے راز کو
کروں ظاہر اک امر فرخندہ خو

ہوا جب کہ آپس میں عہد استوار
یہ ابلیس بولا کہ اے نامدار

جو مرتاض تازی ہے تیرا پدر
تو اسکو شتابی کہیں قتل کر

کہ تو ہے جوان اور ترا باپ پیر
یہ تجھکو ہے زیبندہ تاج و سریر

یہ سنکر ہوا دل کو اک اسکے درد
لگا کہنے اُس سے کہ اے نیک مرد

یہ گفتار تو نہ پسندیدہ ہے
نہ میزان دانش میں سنجیدہ ہے

رہ و رسم دانش سے جو دور ہو
وہ بیداد کب مجھکو منظور ہو

کہی شاہزادہ نے یہ بات جب
یہ بولا وہ ابلیس ناپاک تب

ہے تیری گردن پہ سو گزند
تو خونخوار اور تجھکو پہنچے گزند

یہ پوچھا کہ کسطرح کیجیے ہلاک
بتا کوئی تدبیر بےخوف و باک

کنواں ایک اُس شاہ کی رہ میں
کروں کندہ تا وہ گرے چاہ میں

وہ شہ اُس مکان میں زروئے طرب
عبادت کو جاتا تھا ہنگام شب

کیا اُسکو خس پوش پھر سر بسر
شہ نامور کو نہ تھی کچھ خبر

گئے ٹوٹ اُسکے سر دست و پا
ہوا قید ہستی سے دم میں رہا

پھر ابلیس بدذات نے یوں کہا
کہ صد شکر اے شاہ کشور کشا

میری دانش و عقل تدبیر پر
عمل تو کرے ہر شب و روز گر

سراسر جہاں کی تجھے خوبیاں
میسر ہوئے بادشاہ جہاں

نوازش بہت اُسپہ مصرف کی
کلید خورش خانہ پھر اُس کو دی

خورش خانہ خسرو نامور
پلا جبکہ اُسکو تو شام و سحر

وہ تیار کرتا بپیش فرماں روا
کبھی مرغ لاتا کبھی چارپائے

ہوا کھا کے اُسکو بہت شاد کام
کہ تھا خوشتر و نغز نیکو طعام

کہا ای قدرداں شاہ فرخ سیر
خورش لاؤنگا اس سے کل نغز تر

بعید لطف کیک و تذرو سفید
پکایا گیا بادل پر اُمید

زردے عنایت کہا یوں کہ اب
جو کچھ چاہیئے مجھسے کر تو طلب

مری آرزو ہو کہ شام و پگاہ
کہ اک بوسہ دوں سر کتف شاہ

برآوے مرا مدعا کیا عجب
مجھے کامیابی ہو با صد طرب

نوازش سے تجھکو کروں ارجمند
کہ ہو نام تیرا جہاں میں بلند

جو کتف اپنے شاہ نے برہنہ کیا
تو شیطان نے اُسپہ بوسے دیے

یہ کردار بد کر کے واں آشکار
نظر سے وہ غائب ہوا نابکار

کیا چارہ دانشوروں سے طلب
لگے کرنے تدبیر و تجویز سب

پھر آئنے میں ابلیس پیدا ہوا
جو شکل طبیباں ہویدا ہوا

ہوا وہ لکھا جو نصیبوں میں تھا
نہیں دفع ہوتی یہ ہرگز بلاء

اگر اس کام سے تو کرے درگذر
بچھڑے عہد سے اپنے اے نامور

نہ خون پدر اس کو منظور تھا
و لیکن وہ ناچار و مجبور تھا

لگا کہنے وہ پھر کہ اے نامدار
یہ کچھ کام مشکل نہیں زینہار

مکان ایک بیرون دو قصرائے
شہ نامور نے کہا تھا بنا

ستمگار ناپاک نے ایک چاہ
کیا کندہ وہ ہیں سر راہ شاہ

گیا جب اُدہر کو تو بس آہ میں
گرا شاہ آزاد اُس چاہ میں

وہ ضحاک بیرحم و بے دادگر
سر تخت بیٹھا بجائے پدر

ہوا میری تدبیر سے اب تو شاہ
مبارک تجھے تخت و تاج و کلاہ

تو ہو بادشاہ ہفت اقلیم کا
خداوند ہو تخت و دیہیم کا

یہ سن کر ہوا شاد ضحاک شاہ
تملق لگا کرنے شام و پگاہ

خوراک اور جز میوہ و نان واں
نہ تھی ان دنوں بہر اہل جہاں

پکانے لگا نغز و خوشتر طعام
مزیدار و خوش ذائقہ ہر طعام

پکا ایک دن بیضہ مرغ واں
خورش کو وہ لایا تو شاہ جہاں

زروئے طرب شہ نے کی آفریں
یہ سن کر کیا عرض اُسنے وہیں

غرض دوسرے روز پھر شاد شاد
حضور جہاندار فرخ نہاد

وہ ضحاک نے جبکہ کھایا طعام
نہایت ہوا خرم و شاد کام

کیا عرض ابلیس نے پھر شتاب
کہ ای شاہ ضحاک عالیجناب

یہ رتبہ نہیں گرچہ میرا ولے
مگر شاہ کے لطف عنایات سے

یہ ضحاک بولا کہ اے نیک خو
تہ دل سے بر لاؤں یہ آرزو

یہ کہہ کر دیئے کھول کتف اپنے پس
الٰہی و لعین ابلیس کے تھی ہوس

دیئے جبکہ بوسے سر کتف شاہ
ہوئے دو وہیں پیدا دو مار سیاہ

جہاندار ضحاک حیراں ہوا
بہت اپنے دل میں پشیماں ہوا

پر اس درد کا کچھ نہ پایا علاج
کسیکو بھی اُسکا نہ آیا علاج

وہ آ کر حضور شہ نامدار
لگا کہنے شاہ سے کہ اے شہریار

تری زندگی اب تو دشوار ہے
خرد چارہ سازی سے ناچار ہے

ہوا اسکے ضحاک اندوہگیں ۔ لگا کرنے فریاد و زاری وہیں
یہ کہنے لگا پھر زروئے نیاز ۔ کہ اے مرد فرزانہ و چارہ ساز
کسی طرح سے چارہ سازی تو کر ۔ شتابی سے عاجز نوازی تو کر
کیا شاہ نے جب بہت انکسار ۔ تو بولا وہ پھر یوں کہ اے تاجدار
نہیں اس سے چارہ کوئی اور نغز ۔ کہ سانپوں کو دے آدمی کا تو مغز
تری جان کو پھر نہ پہنچے گزند ۔ نہ ہے پھر نہ تو اسقدر دردمند
بتایا جو ابلیس نے یہ علاج ۔ لگا کرنے وہ ہم خداوند تاج

آمدن سلطنت ایران بدست ضحاک و آوارہ شدن جمشید و رسیدن تنہا در زابلستان بلباس دیگر و شناختن ورا دختر والی زابلستان و عقد بستن با او

یہ ہر ملک و کشور میں پہنچی خبر ۔ کہ ضحاک شاہنشہ تاجور
رکھے ہے دو مار سیاہ اپنے پاس ۔ جسے دیکھتے ہیں گم ہوش و حواس
یہ ہیبت ہوئی شاہ کی دہر میں ۔ کہ ڈرنے لگے ہر شہر میں
بزرگان ایران کے جمشید سے ۔ ہوئے منحرف سب سے وہ تنگ سے
ہوئے پیش ضحاک حاضر سبھی ۔ کمر خدمت باندھی پے زندگی
بیاں کر کے احوال ایران تمام ۔ کیا عرض یوں کہ شہ ذوالکرام
اگر فوج سرکار جاوے ادھر ۔ تو ہاتھ آوے وہ ملک بھی [illegible]
یہ سنکر وہیں لشکر بے کراں ۔ کیا شاہ نے ساتھ انکے رواں
وہ جمشید بھی آ مقابل ہوا ۔ ولے کام دل کچھ نہ حاصل ہوا
شکست اسنے کھائی بہنگام جنگ ۔ گریزاں ہوا شاہ جم بیدرنگ
جو اقبال اور بخت برہم ہوا ۔ تو جم اور تباہ لشکر جم ہوا
رہا کوئی بھی پھر نہ ہمراہ جم ۔ کسی سمت تنہا گیا شاہ جم
ہوا شاہ ضحاک ایران کا شاہ ۔ ہوا نصیب اسکے تاج و کلاہ
گئے لوگ ضحاک نے [illegible] ۔ کہا یوں کہ جم کو پاؤ جہاں
اسے قید کر کے یہاں لاؤ تم ۔ تفحص کناں ہر طرف جاؤ تم
کروں پھر ہر اک کا میں رتبہ فزوں ۔ زر و گوہر و لعل انعام دوں
ہر اک طرف کے پھر طرفدار کو ۔ کیا دوں ہی حکم شہ نامجو
کہ لا دیوے جو کہ گرفتار کر ۔ رضامند اس سے ہوں میں بیشتر
بڑا رتبہ اس کا ہو پیش حضور ۔ غم و فکر دنیا سے ویسے دور
ستمدیدہ چرخ پر فتنہ جم ۔ شب و روز با خاطر پر الم
سدا وادی و کوہ آوارہ تھا ۔ نہایت غریب اور بیچارہ تھا
ہر اک سے چھپاتا تھا وہ آپکو ۔ نہ ہرگز جتاتا تھا وہ آپ کو
پری وار مردم سے پوشیدہ تھا ۔ کہ آفت رسیدہ و غم دیدہ تھا
غرض رفتہ رفتہ بصد رنج و غم ۔ گیا زابلستاں میں وہ شاہ جم
سپہدار اور زابل کا شاہ ۔ رکھے ایک دختر تھا وہ رشک ماہ
کہ مہر سے حسن میں خوب تھی ۔ دلارام و دلدار و محبوب تھی
وہ زلف دوتا اسکی دام بلا ۔ گرفتار جن کا ہووے رہا
وہ ابرو تھے یا تیغ براں تھی ۔ وہ مژگاں نہ تھے بلکہ پیکاں تھے
کئے سینکڑوں اک نگہ سے ہلاک ۔ ہزاروں ملائے تہ خون و خاک
وہ قامت کہوں یا قیامت کہوں ۔ قیامت ہے بالا وہ قامت کہوں
کہوں کیا کہ رفتار نے کیا کیا ۔ کہ ہر گام پر فتنہ برپا کیا
لبوں سے جو کچھ اسکے ہو آشکار ۔ دم عیسوی سے ہو زینہار
وہ چشم اُس کی خونریز مست مدام ۔ ہوئی جس سے ترکوں کی ترکی تمام
سو خوبی و حسن سے وہ صنم ۔ ہنر وہ سے تھی کچھ شجاعت میں کم
ہنر پہلوانی کے تھے اسکو یاد ۔ وہ تھی پہلوانی میں یکتا و استاد
جو ورزش تھا جب تھی کوئی جنگ ۔ تو بیخوف و اندیشہ بے [illegible] رنگ
پہنتی تھی پوشاک مردانہ وہ ۔ پئے رزم جاتی دلیرانہ وہ
برستی رہ کی تھی وہ دلستان ۔ خردمند و دانشور و نکتہ داں
جوانی تھی [illegible] ۔ شعور و فراست میں تھی بے نظیر

اُسی سال میں جم منوچہر شاہ
سو زابلستان لایا پناہ

تو تدبیر سے اسکی بدخواہ پر
شہ زابلستاں نے پائی ظفر

دلیر و هنرمند صاحب جمال
جہانمیں تھی وُہ دلربا بیٹیاں

بہت اسکے شاہاں طلبگار تھے
بہ نقد دل و جاں خریدار تھے

ولے باپ کو اسکے انکار تھا
کسی کو نہ دیتا وہ زنہار تھا

یہ بس عہد واثق تھا باہمد گر
کہ وہ ماہ پیکر جسے دیکھ کر

رکھے وصل کی اپنی جی میں ہوس
خوشی سے بنے همبستر اسکا بس

زن عاقل اک دایہ تھی دخت کی
کہ انجم شناس و خردمند تھی

سو اس دایہ نے ایکدن دخت کو
کہا تھا کہ اے دخت فرخندہ خو

ترے بیس نے دیکھے جو طالع نہاں
ہوا یوں عیاں مجھپہ راز نہاں

کہ ہووے تو ہمخوابۂ شاہ جم
اور اس سے ہو اک طفل فرخ شیم

یہ سن کر نوید مسرت فزا
بہت شاد جی میں تھی وہ دلربا

کہا تھا وہ دایہ نے جا کر شتاب
حضور شہنشاہ عالی جناب

یہ سن شاہ نے مژدہ دلفروز
کہا قابلہ سے کہ اے نیکروز

یہ مژدہ جو تو نے سنایا مجھے
تو راز نہاں سب جتایا مجھے

غرض اس سبب سے وہ شاہ زمن
سنا تھا خواہشگر دخت کا سخن

وہ جم اتفاقاً وہاں جو گیا
سر راہ اک باغ تھا شاہ کا

اور اس باغ میں تھی وہ دلدار بھی
جو دن رات جم کی طلبگار تھی

یہ تھی آرزوئے دل شاہ جم
کہ اس باغ میں جا کے اب کوئی دم

ذرا جی کو واں اپنے بہلائیے
صبا کی طرح سیر کر آئیے

ولے حاجبوں نے نہ جانے دیا
وہ ناچار مجبور سا رہ گیا

ہوا خوش جو آئی تو بیرون باغ
وہ ٹھہرا اور ابا دل پُر داغ

تلے اک شجر کے گیا بیٹھ جم
کہ ہو دور دل سے غبار الم

کسی کام کیواسطے ناگہاں
کنیز اوس پری رو کی آئی وہاں

پڑی اس کی جمشید پر جو نظر
تو حیراں ہوئی بس دو ہیں دیکھ کر

عیاں جم کی صورت سے تھی نیکوئی
درخشندہ تھی شوکت خسروی

یہ پوچھا کہ تو کون ہے اے جواں
عیاں کر تو مجھسے یہ راز نہاں

دیا اسکو جمشید نے یہ جواب
کیا چرخ نے میرا خانہ خراب

کہوں کیا کہ رکھتا تھا ابہت عظیم
بہت حشمت و جاہ و شوکت عظیم

پر اب گمرہ و بدبخت برگشتہ ہوں
خراب و پریشان سرگشتہ ہوں

مجھے خواہش بادۂ ناب ہے
کہ دل رنج سے سخت بیتاب ہے

خداوند سے باغ کے لا شتاب
ابھی جا کے دو تین جام شراب

کہ ہو خاطر غمزدہ کو سرور
ذرا ہووے کلفت مری دل سے دور

پرستار نے جب سنا یہ سخن
گئی باغمیں پیش رشک چمن

کہا یہ کہ اے بانوئی مہرباں
در باغ پہ ہے اک آیا جواں

اگرچہ وہ آفت رسیدہ ہے پر
رخ خوب اس کا ہے رشک قمر

اسے اور ہرگز نہیں کچھ ہوس
طلب وہ ساغر کی رکھتا ہے بس

پرستار سے سنکے وصف جواں
لگی کہنے وہ دختر دلستاں

کہ اسنے تو بس صرف چاہی شراب
ولے اسکو پہنچا دو گی میں شتاب

مے لعل اور ساغر دلنواز
سر دوف و چنگ و عشرت کا ساز

یہ کہکر اٹھی بس وہ سرو رواں
پرستار کے ساتھ آئی وہاں

در باغ پر جب ہوئی جلوہ گر
تو صورت کو جمشید کی دیکھ کر

یہ سمجھی وہیں وہ بت دلستاں
کہ ایرانیوں میں سے ہے یہ جواں

جو زرد غم سے رخ لالہ رنگ
طرح غنچے کے ہو جی سے بتنگ

اثر کر گیا عشق جمشید کا
گرفتار الفت ہوئی دلربا

لگی پوچھنے یوں کہ اے خستہ حال
گرفتار تشویش رنج و ملال

تو بیٹھا ہے کیوں اب بزیر شجر
تو ٹھیرا ہے کیوں سایہ میں آن کر

مگر اس کنیزک پہ مائل ہوا
اسیر محبت ترا دل ہوا

بس اب دیکھ کر اس پرستار کو
تجھے یاد مے آئی اے نیک خو

اگر تجھکو ہے آرزوئے شراب
تو آ اس باغمیں اے جواں اب شتاب

کیا جب طلب اُس نے جمشید کو
کیا جم نے جانے میں آخر حذر
رکھے جان سے ہو گرامی مجھے
غرض شوق سے تو یہاں آ شتاب
اور اب اسکو دیکھا تو شیدا ہوا
شہ جم کے رکھا ہاتھ میں اپنا ہاتھ
کنیزاں گل چہرہ آئیں وہاں
کیا شیشہ و جام پھر واں طلب
جو حکم اُس پری چہرہ نے یوں کہا
برسم شہاں جو ہوا بادہ کش
کہا پھر یہ جمشید سے ایجواں
لگی کہنے پھر یوں وہ رشک قمر
دیا شاہ جمشید نے یہ جواب
عجب چیز ہے بادہ اے نازنین
کرے دم میں بزدلوں کو دلیر
خورش کے مزہ کو زیادہ کرے
زبس مجھکو تھی راہ کی ماندگی
کہ جمشید شاہ جہاں ہے یہی
یکایک یہ خاطر میں گذرا کہ اب
تو آئے میں گلشن کی دیوار پر
کوئی شوق سے جیسے بید ردغم
جو یوں بیٹھے دیکھے کبوتر بہم
تو فرمائے انہیں سے اسدم جسے
کہ ناشستی کر کے وقت کار
ولے ہمسر مردے کیا کرے

تو سوچا یہ جمشید فرخندہ خو
ولیکن وہ بولی حذر کچھ نہ کر
بہت پاس خاطر ہے میرا اُسے
کہ شاید بھی ہو اور سرود و شراب
اثر عشق کا دل میں پیدا ہوا
خراماں چمن میں ہوئی اسکے ساتھ
ہوئی جم کے آگے وہ سجدہ کناں
ہوا دور عیش و نشاط و طرب
تو پھر جام ساقی نے جم کو دیا
یہ کہنے لگی جب ہے وہ حور وش
رہ دور سے تو ہے آیا یہاں
تجھے خواہش بادہ ہے اس قدر
کہ ہے بیشتر مجھ کو میل شراب
کہ دل سے کرے دور کلفت وہیں
پئے مے جو کوئی کرے کار شیر
غم دل کو بس دور بادہ کرے
تمنا ہوئی بادہ ناب کی
جہاندار شاہ شہاں ہے یہی
شبیہ شہ جم کروں میں طلب
پڑی اُس پری چہرہ کی جو نظر
ملائے لب یار سے لب بہم
تو کچھ چشم سی آ گئی پیش جم
کروں صید اُس کو میں اک تیر سے
نہ کر شیفتگی تو اب زینہار
کرے ہمسری گر تو بیجا کرے

جو جاؤں میں پیش بت دلستان
پدر ہے میرا شاہ زابلستان
مجھے ہے یہ پروانگی روز و شب
سنا تھا یہ جمشید نے پیشتر
گیا باغ میں شاہ جم پھر وہیں
لگی سیر کرنے وہ اک حوض پر
بحکم پری وہ بمشک و گلاب
کہا نازنین نے کہ اب بیدرنگ
گئے نوش جم نے پیالے سہ جام
کہ ہے یہ جواں بیگماں بادشاہ
ترے واسطے ہوئے خاطر طعام
کہ جز بادہ تو کچھ نہیں چاہیے اور
کبھی گر نہ پاؤں تو بیتاب ہوں
دل تیرہ کو روشنائی ہے مے
جو ہو پیر فرتوت بھی بادہ کش
کرے رفع سب ماندگی تن
کیا جب وضاحت سے جم نے سخن
لگی کہنے پھر جب یہ وہ دلستاں
کسی سے کہا یوں کہ جاؤ شبیہ
تو دیکھا کہ بیٹھے کبوتر ہیں دو
وہ دونوں تھے ہمسر گرم راز بنا
طلب کر کے پھر وہیں تیر و کمان
شہ جم یہ بولا کہ اے نازنیں
اگر لاکھ زن ہو شجاع و دلیر
کہ زن ہیچ آخر کو اور مرد مرد

مبادا بلا کوئی آوے یہاں اب
ہیں اسکی ہوں اک دختر دلستاں
جسے چاہوں اسکو کروں میں طلب
کہ اک دخت ہے رشک شمس و قمر
ہوئی شاد و خرم بت نازنین
ہوئی فرش شاہانہ پر جلوہ گر
شہ جم کے پھر دونوں پاؤں دھوئے شتاب
پلاؤ اسے بادہ لالہ رنگ
ہوا دور اندیشہ دل سے تمام
کیا پر چرخ نے لیکن اسکو تباہ
وہ بولا کہ تم اور دو مجھکو جام
عجب مجھکو آئے نظر نئے طور
میں بے صبر بے بادہ ناب ہوں
جسے کو قوت ہو مومیائی ہے مے
تو ہو وہی جواں پی کے اے حور وش
لگے مے سے خوشتر بہار چمن
گماں لگ گئی تب وہ رشک چمن
کہ کیونکر یقیں ہو مرا یہ گماں
بر باپ ہے جم کی لاؤ شبیہ
ملا کہ بہم اپنی منقار کو
ادھر سے نیاز اور ادھر سے تھا ناز
لگی کہنے جمشید سے یوں کہ ہے
جہاں مرد ہوں اُنکو لازم نہیں
قوی اپنے نزدیک ہو مثل شیر
شعور زناں پیش مرداں ہے گرد

دلبری و تدبیر و نور و ہنر — رکھے مرد ہے زن سے ہاں بیشتر
یہ سن کر پری رو ہوئی شرمگیں — عرق آگیا چہرہ پر سب وہیں
کماں ہاتھ سے اُسکے جم کے گری — کیا عذر بھی اور بہت عاجزی
تو پھر دل سے چاہے اس نے کولوں — بصد شوق ہم بستر اپنا کروں
پر پر بھی اس مغز کو پا گئی — یہ بات اُسکے بھی دھیان میں آگئی
کماں سے ہوا تیر جس دم رہا — گری مادہ بسمل ہو نر اُڑ گیا
وہ پر زور تھی نازنیں کی کماں — کہ زائل ہیں جسقدر پہلواں
لگی جم سے کہنے کہ کیا احتیاج — شبیہہ شہ جم کی دیکھوں میں آج
غرض قوت و نور جم دیکھ کر — ہوئی آفریں خواں وہ رشک قمر
تصور میں جم کے پیا پھر شتاب — پری چہرہ نے ایک جام شراب
کبوتر جو بیٹھا ہے پھر آن کے — نشانہ کروں تیر کا اُسکے
مراد ہم آغوش ہو شوق سے — کروں اسکو بچواہیں ذوق سے
سمجھ یہ گیا شاہ جم بھی وہیں — کہ میری طلبگار ہے نازنیں
کہا اُسنے یہ ماجرا ایک قلم — لگی کی وہیں دایہ نے سو جم
جو دیکھا تہ اطالع میں سحر سو اب — ہوا آشکارا بالطاف رب
نہ کر دیر ہو وصل سے کامیاب — خوشی سے ہو ہمبستر اسکی شتاب
سنا اُسنے دایہ سے جب یہ سخن — ہوئی اور دیوانی وہ سیم تن
سو دایہ سے بولی جو تو نے کہا — زروئے کرم راست لائے خدا
جو صورت سے جم کے مقابل ہوئی — تو بس باعث فرحت دل ہوئی
تو اورنگ و دیہیم کو یاد کر — دل پر الم سے کیا نالہ سر
پری نے دیکھا جو یہ حال جم — تو پوچھا کہ کیوں تو نے کی چشم نم
محبت کو دلچسپ بزم طرب — یہ اس وقت گریہ کا کیا ہے سبب
یہ سنے لگا جم کہ اے گلعذار — جو دنیا میں ہیں عاقل و ہوشیار
سوئے پرنیاں کہ جو ہے نگاہ — تو دیکھی شبیہہ جم اے رشک ماہ
نگاروں نے جوں اب بے اختیار — رہا کچھ نہ دل میں شکیب و قرار

حوالے مرے کر یہ تیر و کماں — ہنر دیکھ میرا تو اے دلستاں
ولے دل میں افزوں محبت ہوئی — زیادہ شہ جم کی اُلفت ہوئی
کہا پھر یہ جم نے کہ اے نیک خو — کروں گر ہدف تیر کا مادہ کو
مراد اس سخن سے تھی وہ رشک ماہ — کہ ہووے ہم آغوش جمشید شاہ
پیا جام پھر جم نے اور بید رنگ — کماں کھینچ کر ایک مارا خدنگ
پھر اک دم میں بیٹھا وہ نر آنکر — کہ بیٹھا ہوا تھا جہاں پیشتر
کوئی کھینچ سکتا تھا اُسکو نہیں — وہ جم نے کھینچی تو وہ نازنیں
ہوا اس یقیں یوں کہ جمشید ہے — تہ ابر پوشیدہ خورشید ہے
طلبگار جم کی ہوئی دل میں بس — ہوئی وصل کی اسکے جی میں ہوس
شہ جم سے پھر آپ لیکر کماں — یہ کہنے لگی وہ بت دلستاں
تو جس مرد پہ مائل ہو دل — ملاقات کا اسکے سایل ہو دل
یہ اس گفتگو سے تھی اسکی مراد — کہ ہو جفت جمشید فرخ نہاد
بہم گفتگو واں خوشی سے تھی — کہ دایہ بھی آپہنچی اس وقت کی
لیا جم کو پہچان اور یوں کہا — کہ اے دختر مہوش دلربا
طلبگار تھی جسکی سو ہے یہی — شہ جم شہنشاہ ہے یہی
وہ دختر کہ تھی عاشق روئے یار — کہ تھی منتظر بوس و کنار
اور اپنے ہوئی دل میں خوش بیشتر — کہ معشوق مطلب ہے جلوہ گر
پھر اتنے میں واں جم کی آئی شبیہ — وہ دایہ کو اُسنے دکھائی شبیہ
شہ جم کو دایہ نے پھر دی شبیہ — اور اُسنے وہ اپنی جو دیکھی شبیہ
لگا کھینچنے نالہ پھر شہریار — ہوئی زار بھی نرگس اشکبار
نگہ کر کے اب تو سوئے پرنیاں — ہوا کس لئے یاں تو نالہ کناں
گیا کس طرف ہائے تیرا خیال — مگر مجھ سے کچھ تو نے پایا ملال
ستمدیدگاں کو وہ احوال یاد — غم و درد سے نالہ کرتے ہیں ہم
مجھے یاد آیا وہ جاہ و حشم — بزرگی و اورنگ و تاج و علم
لیا جو چرخ ستمگر نے ہائے — کیا ظالم اس سفلہ پرور نے ہائے

کیا شاہ جمشید کو یوں تباہ
دو مار سیہ جسکی ہیں کتف پر
کہ اب ہے وہ برگشتہ اختر کہاں
کہیں ہے اسیر بلائے بزرگ
کہ ہے آپ جم یہ شنہ نامجو
کہا پھر یہ خالو تھیں تو ہی جم
شہ جم یہ بولا کہ اے دلستاں
تعلق بہت نازنیں نے کیا
کریگا تو انکار گر لاکھ یہ
بہانہ تو کرتی ہے اب بار بار
زہے وصل کا مجھکو مژدہ دیا
تری ہی تمنائے دیدار تھی
نہ آرام جاں ہے نہ کچھ مجھکو تاب
غرض آخرکار لایا وہ راہ
بہت شاہ پیر ہوئے خواستگار
تو مجھ سی دلارام و دلدار سے
جدائی سے ہوں دست بستہ لب
یہ کہکر لگی رونے بے اختیار
یہ دل تجھپہ صدقے کروں بلکہ جاں
کیا دخت نے جب بہت التماس
مخالف مرا ایک تو تخت ہے
مجھے شہر ہی تجھ سے اندیشہ ہے
یہ سنکر لگی کہنے وہ گلعذار
کہ بد خواہ تیری نہوں زینہار
یہ جب میاں آئے قول و قسم

لیا چھین یکدست تاج و کلاہ
وہ خود تم میں ہیں ایسے بھی تر
بجز نام اسکا نہیں کچھ نشاں
ہوا یا کہیں لقمہ شیر و گرگ
ولیکن چھپاتا ہے یہ آپ کو
نہ پوشیدہ رکھ ہم سے جانیں ہیں ہم
سراپا غلط ہے یہ نیرنگیاں
ولیکن یہ انکار کرتا رہا
کسو کی نہ تجھسے ہیں آپ گذر
نہیں جائیگا پیش کچھ زینہار
اور اس راز سے مجھکو واقف کیا
دل و جان سے تیری طالب تھی
نہ دل میں شکیب اور نہ آنکھوں میں خواب
مرا جذبہ دل تجھے کھینچکر
نہ اقبال میں نے کیا زینہار
پھرایا چہرہ وہ ماہ رخسار سے
خدا کیلئے مجھ سے ہو ہمکنار
زباں پر یہ لائی کہ اے نامدار
تو کر مجھ سے راز نہفتہ عیاں
یہ کہنے لگا تب شہ نامدار
مرا دشمن جاں وہ کمبخت ہے
کہ زن کا نہ ہرگز وفا پیشہ ہے
کہ ہر زن نہیں ہے وفا زینہار
دل و جان سے تیری ہے وہ دوستدار
تو اس سے ہوا بس وہ شیدا جو جم

جہاں لے گیا شاہ ضحاک کو
نہیں ہے خبر شاہ جمشید کی
خدا جانے جیتا ہے یا مر گیا
یہ قصہ بیاں جب کہ جم نے کیا
کنیزوں کو یکسر کیا اسنے دور
کہا میں نہیں جم وہ بولی کہاں
مجھے جم جو سمجھی تو اے مہ جبیں
بہت کر کے پھر عجز اور التماس
کہ تجھکو لیا میں نے پہچان اب
یہ دایہ جو بیٹھی ہوئی ہے یہاں
کہ تجھسے مجھے دے خدا اک لپیٹ
تری شیفتہ ایک مدت سے ہوں
خدا سے یہ خواہش تھی اے نامجو
غنیمت سمجھ تو مرے وصل کو
کہ تجھپر دل زار دیوانہ تھا
ہوں مشتاق سے گر ہم آغوش لے
نہیں تو کروں اپنے سینہ کو چاک
مقرر یہ تو جم مجھے ہے یقیں
جو کچھ راستی ہو وہی بات تو
مجھے راستی ہے تو کیوں ہو عذر
خبر اسکو پہنچے مبادا کہیں
نہیں ہے پسندیدہ عاقلاں
قسم ہے مجھے اب تری جان کی
نہ کر خوف و اندیشہ اے نامور
کیا قصہ پھر جم نے اپنا تمام

دیا تاج و تخت ایک ناپاک کو
نہیں حال سے اسکے کچھ آگہی
ہوا اسکا کیا جانے احوال کیا
تب اس دخت دایہ نے جی میں کہا
رہی دایہ اور وہ بت رشک حور
یہ کہتی ہی کیا بیکس و پرنیاں
مگر کوئی ہمشکل ہوتا نہیں
وہ بولی کہ اے خسرو نامدار
تو مت جان ٹک مجھکو انجان اب
خبردار ہوں راز اختر سے یاں
یہ سن کر شب و روز شام و سحر
گرفتار غم ایک مدت سے ہوں
کسی طرح تیری ملاقات ہو
کسی طرح تیری ملاقات ہو
تری عشق میں سب سے بیگانہ تھا
تو حیلہ جو ہے اور بڑا ہے غضب
کروں آپ کو ایک شب میں ہلاک
تو اقرار کرتا ہوا سکوت لب
رکھے ہی تو پوشیدہ اے نامجو
کہ رکھتا ہوں اپنے میں جی میں خطر
اور آجائیں لوگ اسکے اے نازنیں
کہ زن پر عیاں کیجئے راز نہاں
قسم ہے مجھے اپنے ایمان کی
سمجھ اس میں کانکو نہ جانے خطر
کیا ظاہر آگے پری وش کے نام

پری چہرہ کے ہاتھ میں جم کا ہاتھ
بندھا عقد جس طرح آئین تھی
ہوئے عقد پر بخت و دولت گواہ
ہوئے بے حجابانہ وہ ہمکنار
وہ باہم لگے عیش کرنے مدام
تو کرنے لگا اُسکی وہ جستجو
یہ سنتے ہی بس وہ ہوا خشمگیں
ہوئی اسقدر ہائے بیباک تو
کیا راز کو تو نے ہمسے نہاں
کیا عقد اُسسے کس سن ای پدر
دلِ شیشہ تنگ توڑا نہیں
جہاں میں کوئی اُسکا ہمسر نہیں
بفضلِ خدا اُسنے پایا ظہور
سنی دایہ سے اُسنے یہ بات جب
یہی یاوری بخت کی سر بسر
کہ ہو مجھسے خوشنود وہ شہریار
یہ سنکر وہ دلدار رونے لگی
روا رکھو نہ خونریزی شاہ جم
اُٹھا لیجے دلسے ذرا یہ خیال
نہ اپنا سمجھ ملک و دیہیم کو
گزند غریباں نہ کر تو پسند
یہ کہہ کر وہ رونے لگی زار زار
یہ بولا کہ ای دخت والا تمیز
اذیت نہ جم پر رکھونگا روا
یہ کہہ مہر لطف سے جا کر شتاب

طرف قصر کے لیگئی اپنے ساتھ
ادا کی جو رسم رہ دین تھی
ہوئی شہ کی منکوحہ وہ رشک ماہ
عجب رنگ کی اُس گھڑی تھی لیا
مئی عیش کے وہ لگے پینے جام
کسی نے خبر دی کہ وہ ماہرو
اور آئی وہ جب دخترِ نازنیں
اُڑانے لگی سر بسر خاک تو
دلِ زنگ اُس سے ہے تیرے عیاں
دیا حکم تھا تو نے یہ پیشتر
رہِ نیک سے منہ کو موڑا نہیں
کوئی جاہ میں اُس سے بڑھ نہیں
ہوا جلوہ گر مہرِ مقصد کا نور
شہ زابلستان ہے شاد تب
ہوا جو گزر شاہ جم کا ادھر
فریدوں ہو ہمراہ وہ جاہ و قار
وہ بے صبر بیتاب ہونے لگی
مری جان پر تو نہ کر یہ ستم
نہ لے اپنی گردن پہ ناحق وبال
سمجھ خاک لعل و زر و سیم کو
نہ بدنام ہوئے شہ ارجمند
فغاں بس لگی کرنے بے اختیار
مجھے تیری خاطر بہت ہے عزیز
نہ ہرگز گزند اسکو پہنچاؤنگا
کہ ای بادشاہ ثریا جناب

لیا جا کے آراستہ تختِ زر
ہوئے عہد و پیماں محکم بہم
سر شب سے زریں ہوئی جائے خواب
ہوا چہرہ فیروز رنگ مراد
گئی رہنما کے کہ وہ سیمبر
ہوئی اک جواں سے گرفتار اب
تو چیں بر جبیں ہوکے از روئے خشم
لیا چاک اب شرم کا پیرہن
وہ تھی حاملہ اُن دنوں لگا بدن
کہ چاہے جسے اُس سے ہمخواب ہو
رکھا میں نے ناموس کیسر نگاہ
یہ دایہ نے بھی عرض شہ سے کیا
شہ جم یہاں آگیا ناگہاں
یہ بولا کہ خوش تو نے مژدہ دیا
مقرر اُسے باندھ کر صبحگاہ
مجھے لطف سے اور اقلیم سے
یہ بولی کہ اے خسرِ نامجو
جیے اپنی کشور میں آکے پناہ
سدا تخت و دیہیم رہتا نہیں
نہ بیچارہ پر جور و بیداد کر
تو جمشید کو مجھسے مت کر جدا
ہوئی جبکہ گریہ کناں نازنیں
تو خاطر کو رکھ جمع شام و سحر
اُسے بلکہ دوں ملک و مال و سپاہ
سحر تک بھی آونگا تیرے حضور

ہوئی ساتھ جمشید کے جلوہ گر
ہوا ساتھ گلرو کے پیوند جم
ہوا اتصالِ مہ و آفتاب
نشانہ پہ بیٹھا خدنگِ مراد
بہت کم لگی آنے پیشِ پدر
رہی ہم آغوش وہ روز و شب
لگا کہنے اس سے کہ ای شوخ چشم
لیا جامہ بے حیائی پہن
ہوا زرد تھا وہ رخ رشک چمن
سو آیا عمل میں بطرزِ نکو
کیا جفت وہ شاہ عالم پناہ
شہا میں نے جو تجھکو مژدہ دیا
ہوئی حاملہ اُس سے یہ دلستان
مرے دلکو مسرور و شاداں کیا
روانہ کروں سوئے ضحاک شاہ
وہ دو لعل بخشے زر و سیم سے
تو جور و تعدی کے درپے نہ ہو
دغا ساتھ اسکے ہے بیداد شاہ
ہمیشہ زر و سیم رہتا نہیں
خداوند جان آفریں سے بھی ڈر
وگرنہ مری تن سے کر سر جدا
تو رحم آگیا باپ کو بس ہیں
کہ اسکام سے میں نے کی در گذر
زیادہ کروں عزّ و توقیر جاہ
غم و فکر کو رکھ تو اب دلسے دور

ہوئی شاد وہ دختر دلستان
فروزاں ہوا جب کہ نور سحر
کہا یوں کہ اے شاہ عالی تبار
نہ دینا کچھ اندیشہ کو دل میں راہ
یہی قصد تھا یہاں سے ٹل جائیے

گئی پیش جمشید وہیں دواں
ہوا مہر خورشید جب جلوہ گر
نہ ہو بدگماں مجھ سے اب زینہار
کہ خدمت میں حاضر ہوں شام و پگاہ

سنا تھا جو کچھ باپ سے سو کہا
گیا پیش جم شاہ زابلستان
یقین جان تو جب تلک زندہ ہوں
دلاسا وہ دیتا تھا شام و سحر

دل شاہ کو مطمئن کر دیا
جھکا کر سر اپنا پھر اسنے وہاں
یہ دختر کنیز اور میں بندہ ہوں
ولے دل میں جمشید کے تھا خطر
کہ اب جب کہ قابو نکل جائیے

گریختن جمشید از زابلستان بطرف ہندوستان و گرفتار آمدن از راہ بدست مرمان ضحاک و کشتہ شدن او

بہت دن رہا شہر زابل میں جم
رہے تھا شب و روز اندیشہ مند
کہ تجھ پکڑ کر بحال تباہ
ہوا جب خبردار اسباب سے
وہاں سے سوئے ہند راہی ہوا
وہ از بسکہ تھا اپنے جی سے تنگ
خراب اور آوارہ مجھ کو کیا
کہاں تک پھروں میں تباہ و خراب
عدم سوے آتا ہیں ہستی میں کاش
اسے آ گیا خواب اور ناگہاں
غرض ایک ضحاک کا ایلچی
شہ جم کو پہچان اسنے لیا
کسیکا نہیں یہ جہاں دوستدار
کہ دولت بھی ہے آہ ناپایدار
ہوا پھر گرفتار زنجیر و بند
گیا جبکہ جم آگے ضحاک کے
الم سے تمام اسکا چہرہ تھا زرد
خوشی سے وہ ضحاک بیداد گر

ولے دل کو تھا اسکے آرام کم
کہ پہنچے مبادا یہاں کچھ گزند
روانہ کریں سوئے ضحاک شاہ
گریزاں ہوا شاہ جم گھات سے
بیابان نورد و تباہی ہوا
لگا بخت ناساز سے کرنے جنگ
ملا خاک میں ہائے تو نے دیا
کہاں تک رہوں میں بے صبر و تاب
نہ ہو تب مجھے یہ غم جاں خراش
ہوا خفتہ بخت بیدار واں
کہ ساتھ اسکے تھوڑی سی تھی فوج بھی
گرفتار بس اس کو وہیں کیا
کسیکا نہیں چرخ گردندہ یار
نہ دنیا کو ہے کچھ ثبات و قرار
اسے چرخ گردان سے پہنچا گزند
پس پشت تھے ہاتھ دونوں بندھے
گرفتار خواری تہا وہ نیک مرد
ہوا خندہ زن حال اس دیکھ کر

وہ دلبند اٹھی زندان اسکے پاس
کسی نے کہا اے شہ بے نظیر
نہیں تو وہ لشکر ادھر کھینچ کر
وہ زابل سے چلکر سوئے چین گیا
جو گھبرا گیا راہ کے رنج سے
کہ اے بخت کمبخت کیا جور ہے
ہوا پھر مخاطب سوئے فلک
یہ ناسازی بخت ہے سر بسر
یہ کرتا ہوا زاری و آہ جم
اجل بھی کہیں گھات میں تھی کھڑی
وہ تھا سوئے خاقان چین سپہر
بحال پریشان و بند گراں
عبث ہے جو دولت پہ بھولے کوئی
ذرا دیکھنا چال جمشید کا
خبر سن کے بولا یہ ضحاک شاہ
فقط پاؤں میں کچھ نہ زنجیر تھی
اٹھاتا نہ تھا شرم سے سر وہاں
لگا کہنے ظالم یہ جمشید سے

وہ اسپر بھی تنہا تھا ہمدم اداس
یہ چاہیں ہیں اب کہ وزیر امیر
کریگا تباہ ملک کو سر بسر
ولیکن وہاں بھی بہت کم رہا
گیا بیٹھ سایہ میں اک نخل کے
بھلا یہ بھی ظالم کوئی طور ہے
کہ اے چرخ بیداد یہ کب تلک
کہ سرگشتہ ہوں میں تو شام و سحر
ہوا سے ذرا سو گیا ایک دم
سو وہ آ گئی اسکے سر پر جبھی
کہیں اتفاقاً جو گزرا ادھر
گیا سوئے ضحاک جم کو رواں
طرح ملکے شاہی سے بھولے کوئی
کہ تھا حیف پر جسکا تاج و کلاہ
کہ ہاں جم کو لاؤ بحال تباہ
بندھی تھی رسن اسکی گردن میں بھی
اور آنکھوں سے تھے اسکے آنسو دواں
فریدوں تیرا رتبہ خورشید سے

تصویر گرفتاری جمشید

تصویر ضحاک

پر اب اس طرح کیوں ہے آخر تو خوار — خرابی میں کیوں ہے گرفتار تو
کہاں بادشاہی وہ تاج و علم — کہاں لشکر و فوج جاہ و حشم
جواب اُس کو جمشید نے یہ دیا — کہ مجھسے نصیبا جو یوں پھر گیا
نہ مغرور دولت پہ ہو اسقدر — ذرا روز بد کا بھی اندیشہ کر
کریگا فلک تجھکو خوار اس طرح — کہ دیکھے ہے تو اب مجھے جس طرح
کروں یا قلم سر کو شمشیر سے — پروؤں ترے تن کو یا تیر سے
یہ گفتار سن کے لگا کہنے جم — کہ مجھکو نہیں اس قدر کچھ ہے غم
پر ضحاک نے پھر کسی کو کہا — کہ چیر ڈالے ایک آرہ منگا
پھر آرہ سے چیر اُسے بس وہاں — ہوئے ایک جم سے دو پیکر عیاں
نہ دورِ فلک کا ہے کچھ اعتبار — کہ پھرتا رہے ہے یہ لیل و نہار

ہوا کس لئے تجھ سے برگشتہ بخت — کہاں ہے ترا اب وہ دیہیم و تخت
کہاں حکمرانی کہاں گیر و دار — کہاں وہ رسم آئین و کار
تو سمجھا ہے اس بختیاری پہ ناز — عبث ہی تھا پھر اس تاجداری پہ ناز
تجھے بھی یہ پیش آئیگا ایک روز — رہیگا نہ تیرا صدا ایک روز
لگا کہنے پھر یوں کہ بیداد گر — کہ کھینچوں تجھے اس گھڑی دار پر
ذرا کہہ کہ کیا ہے تری آرزو — وہ منظور ہے جو کہے مجھ سے تو
قضا نے یہ چاہا تو کیا خوف و باک — تو جس طرح چاہے مجھے کر ہلاک
وہ دو تختے لایا اور اک آرہ بھی — شہ جم کو تختے سے باندھا تبھی
جہاں سے عجب شے ہے امید وفا — کہ بے مہر ہے اور سراپا خطا
جو ہموار جمشید اُس کو گئے غم بود — کری آخر کار یوں سرنگوں

ہر اک دم ہے موجود یاں سازِ مرگ ۔ صدا گوش زد ہے یہ آوازِ مرگ
خبر یہ گئی سوئے زابلستان !! ۔ ہوا قتل جمشید شاہ جہاں
جب اُس نازنیں کو یہ پہنچی خبر ۔ تو رنج والم سے ہوئی نوحہ گر
نہ آنکھوں میں خواب اور نہ دل کو قرار ۔ لگی رہنے بیتاب لیل و نہار
اُسے کام تھا اشکباری کا بس ۔ صدا شغل تھا آہ و زاری کا بس
نہ تھی آشنا وہ خور و خواب سے ۔ وہ بیگانہ تھی صبر اور تاب سے
اُٹھایا بہت اُسنے بیداد دہر ۔ پھر آخر کو وہ مر گئی کھا کے زہر
وہ ہمشیر تھے شاہ جم کے کہیں ۔ انہیں لوگ لائے پکڑ کر وہیں
کہے خلق تھی ایک کو شہرناز ۔ اور اِک دوسری کا تھا نام ارنواز
انہیں شاہ ضحاک نے کر طلب ۔ رکھا اپنے گھر میں بلطف و طرب

خواب دیدن ضحاک و ترسیدن ازاں خواب ہولناک

وہ ضحاک تازی پس قتل جم ۔ جہاں میں لگا کرنے جور و ستم
لگے قتل اور گاہ غارت گری ۔ ہوئی تازہ رسم ستم پروری
دو مرد جواں کو وہ بے خوف و باک ۔ طلب کر کے ہر روز کرتا ہلاک
وہ ہوتے غریب اور بار حمند ۔ ہوا جان پر اُن کی رکھنا گزند
غرض مغز کو اُنکے لے کر تمام ۔ کھلاتا وہ سانپوں کو ہر صبح و شام
لگا کرنے بیداد وہ بے حساب ۔ پھر اُسنے کہیں رات کو ایک خواب
یہ دیکھا کہ پیدا ہوئے تین گرد ۔ اور انہیں سے ہیں دو کلاں ایک خورد
کیا حملہ تینوں نے ضحاک پر ۔ ہوا جس سے عاجز وہ بیدادگر
وہ گرد دلاور کہ تھا نوجواں ۔ سو اُسنے وہیں ایک گرزِ گراں
جو مارا سر شاہ ضحاک پر ۔ تو یکسر پریشاں ہوا مغز سر
جگر نے ہاتھوں کو باندھا شتاب ۔ رسن ڈال گردن میں کھینچا شتاب
اُسے لیگئے کھینچ بالائے کوہ ۔ کیا سخت اُس کو زبون و ستوہ
ہوا دیکھ کر خواب وہ ہولناک ۔ ہوا دل کو اندیشہ و خوف و باک
کیا خواب میں اسقدر اک فغاں ۔ کہ لرزاں ہوا سربسر وہ مکاں
ہوئے جمع یکبار اہل حرم ۔ دل اُن کا ہوا ہول سے پر الم
لگے پوچھنے شاہ سے کیا ہوا ۔ یہ فریاد کیا فتنہ برپا ہوا
فغاں خواب میں کیوں کیا اسقدر ۔ لگے کانپنے جس سے دیوار و در
یہ ضحاک بولا جو یہ داستاں ۔ سنو تم تو یکسر پریشاں ہو جاں
مری زندگانی سے ہو نا اُمید ۔ نشاطِ جوانی سے ہو نا اُمید
کہا اُسنے پھر قصہ خواب شب ۔ یہ ٹھہرا کہ ہو جلوہ گر صبح شب
تو اختر شناس آ کے حاضر ہوں باب ۔ کریں اسکی تعبیر یکسر بیاں
جو تاباں ہوا چرخ پر آفتاب ۔ تو حاضر ہوئے موبداں شتاب
سنی داستاں خواب کی یکقلم ۔ گئے ہوش اور ہو گیا بند دم
یہ دریافت دانشوروں نے کیا ۔ ہوا بخت برگشتہ ضحاک کا
زوال اسکی دولت کا پہنچا قریب ۔ ہوئی اسکے بیداد کی یہ نصیب
ڈرے خوف جاں سے وہ خاموش تھے ۔ نہ زنہار اُنکے بجا ہوش تھے
یہ اندیشہ تھا گر کہیں [illegible] ۔ تو ہووے شہ نامور پر غضب
ابھی جان پر اپنی پہنچے گزند ۔ نہ کہتے تھے کچھ اسلئے ہوشمند
دیا تین دن تک نہ ہرگز جواب ۔ بیاں کی نہ زنہار تعبیر خواب
جو روز چہارم ہوا شہ خفا ۔ تو ناچار یوں موبداں نے کہا
کہ اے شاہ اقبال راہی ہوا ۔ جدا تجھ سے اب تخت شاہی ہوا
ہوئی عمر آخر بس آیا زوال ۔ ہوا تو گرفتار رنج و ملال
فریدوں کوئی شخص ہوئیگا شاہ ۔ بصد شوکت و عزت و حشم و جاہ
وہ ممتاز نسل کیاں ہوئیگا ۔ وہ خسرو خدائے جہاں ہوئیگا
کہیں ہووے گی گاؤ پر مایہ ایک ۔ سو پالیگی اسکو با آئین نیک
ہوا لیکن اب تک وہ پیدا نہیں ۔ کچھ آثار اسکے ہویدا نہیں

یہ کہنے لگی ایک دلخستہ ہوں / بصد رنج و اندوہ وابستہ ہوں
ٹھکانا نہیں اور باقی ہو نہیں / ترے پاس اب چھوڑ جاتی ہوں میں
قبول اس جوانمرد نے سب کیا / فریدوں کو لے پاس اپنے رکھا
رواں سوئے البرز وہ زن ہوئی / رہی جا کے واں اور ایمن ہوئی
اسے جانتا تھا بجائے پسر / وہ کرتا تھا شفقت بجائے پدر
گئے جب گذر الغرض تین سال / فریدوں کی ماں کو یہ آیا خیال
ہوئی کوہ البرز سے وہ رواں / مسافت کو طے کر کے آئی وہاں
کہ البرز میں اسے لیجاؤں اب / رکھوں پاس کیا اسے روز و شب
نہ لیجاتی ویرانے میں طفل کو / گزند اسکو کچھ پہنچے اب نہو
خدا کی طرف سے ہوئی رہبری / کہ رکھنے میں یاں کے نہیں بہتری
ہوئی شاہ ضحاک کو جب خبر / کہ بیٹے میں ہیں آبتیں کا پسر
نگہباں کو اور گاؤ کو کر ہلاک / کیا ظلم اُس نے یہ بیخوف و باک
نشاں کچھ نہ پایا فریدوں کا جب / کیا سارے ایواں کو مسمار تب
کہ آنے سے ضحاک کے پیشتر / اُسے لیگئی یاں سے ماں اسکی
فریدوں کو وہ لیگئی اسکے پاس / کہا یوں کہ اے مرد ایزد شناس
سرِ البرز سے پھر فریدوں کا سر / رکھا مرد درویش کے پاؤں پر
جو کچھ قوت اسکو پہنچا بہم / تو دیتا وہ دونوں کو بے رنج و غم
خداوند روئے زمیں ہوویگا / شہنشاہ با داد و دیں ہوویگا
کہ بدخواہ سے تخت و دیہیم لے / لے اُس سے وہ ہفت اقلیم لے
فریدوں نے صحرا میں مسکن کیا / نہ زنہار کچھ خوف دل میں کیا
کیا شاہ ضحاک نے اُنکو ہلاک / ملایا اُسے کیوں تہ خون و خاک
کہا سوئے ضحاک بیداد گر / میں اب جا کے لیتا ہوں خون پدر
تو بیکس ہے کچھ اسکے ہمسر نہیں / ترے پاس لشکر نہیں زر نہیں
ذرا صبر کر تو بالطاف رب / جو کچھ چاہیے سو مہیا ہو سب
فریدوں یہ سن کر ہوا خشمگیں / یہ پاسخ دیا اپنی ماں کو وہیں

یہ بچہ ہے بیچارہ و بے پدر / تو کر پرورش اسکی شام و سحر
اسی گاؤ پرمایہ کا دیکر شیر / کہ پروردہ ہو کودک دلپذیر
ہوئی واں سے رخصت اسے سونپکر / نہ دیکھا ذرا اسنے پھر کر ادھر
یہاں مالک اس گاؤ پرمایہ کا / فریدوں پہ کرتا تھا شفقت پدر
وہ مصروف تھا پرورش میں مدام / پلاتا تھا شیر اسکو ہر صبح و شام
سو عرصہ گزرا اب ذرا جائیے / وہاں سے فریدوں کو لے آئیے
کہا اسنے آکر کے اے مرد پیر / مجھے دے مرا کودک دلپذیر
وہ بولا کہ ہے یہ ابھی خرد سال / اسے ہوویگی واں اذیت کمال
وہ کہنے لگی یوں کہ اے مرد نیک / گذر جائیں گذرا ہے دو سال ایک
یہ کہہ کر اسے لیگئی بس وہاں / جہاں اس کا البرز میں تھا مکان
یہ سن کر ستمگار و بد روزگار / رہ کیں سے آیا سوئے مرغزار
گیا پھر وہ ظالم شتابی وہاں / فریدوں کے رہنے کا تھا جو مکاں
بد اندیش تھا گرچہ ضحاک شاہ / ولے تھا فریدوں پہ فضل الٰہ
سرِ کوہ اک مرد درویش تھا / کہ روشن ضمیر اور صفا کیش تھا
یہ بچہ ترا بندہ ہے اور غلام / کرم کی نظر رکھ تو اس پر مدام
کیا عجز ماں نے فریدوں کی جب / اسے رحم آیا فریدوں پہ تب
لگا کہنے درویش پھر ایکروز / کہ یہ طفل فرخندہ و نیک روز
زن خوش سیر بھی یہ بولی نہیں / کہ ہے طالع اسکا مجھکو یقیں
ہوا الغرض شانزدہ سال جب / سرِ کوہ البرز سے آگئے تب
یہ پوچھا کہ اے مادر مہرباں / ہمارے پدر کو تہ آسماں
وہ قصہ تھا جو کچھ کہا اسنے تب / یہ سن کر فریدوں ہوا پُر غضب
وہ بولی کہ ضحاک ہے بادشاہ / رکھے ہے وہ ساتھ اپنے گنج و سپاہ
نصیبوں میں ہے تیرے شاہی اگر / تو کیا اضطراب اسقدر اے پسر
کرے شاہ لطف الٰہی تجھے / میسر ہو اسباب شاہی تجھے
خدا نے کیا ہے مجھے بھی دلیر / اکیلا لڑوں گا میں مانند شیر

بزرگان اقلیم سے یوں کہا
کیا تم نے ہرگز نہ کار نکو
کہو اور بھی کچھ سخنہائے خست
ہوئی آفریں خواہ وہ سب شاہ کو
حضور خداوند عزت نگیں
شہادت یہ دی اب وہ انحراف
نہ فرمانبری کی جو گمراہ نے
کیا آن کے کاوہ نے جب خروش
خدا نے جو چاہا سو یاور کیا
طلب کرکے پھر چرم آہنگراں
یہ کہتا تھا ہر بار کرکے خروش
کئی چاکری پھر ضحاک کی
وہ کاوہ تھا بس آگے آگے رواں
غرض رفتہ رفتہ تفحص کناں
گیا عرض کی اے صاحب تاج و تخت
یہ سمجھا فریدون عالیجناب

کہ اے مرد ماں تم نے یہ کیا کیا
تو غم سے جو رخ رکھا سب نے تو
حضور خداوند دیہیم و تخت
یہ کہنے لگے اے شہ نامجو
زباں پر جو لائے سخنہائے کیں
کیا ہم نے بس ہو کے وہ بے خلاف
تو پھر کیوں تحمل کیا شاہ نے
تو کیا ہو گئی اڑ گئے میرے ہوش
اور آگے کریگا جو کچھ چاہے گا
بنایا وہیں اک علم اسکو ڈال
کہ اے نامداران با عقل و ہوش
رفاقت کرو ترک ناپاک کی
بس کاوہ انبوہ پیر و جواں
وہ پہنچے وہاں تھا فریدوں جہاں
ترقی پہ دولت بدو گا بخت
کہ تائید غیبی ہوئی ہمرکاب

خطر سے شہ دیو چہرہ کے اب
یہ کہہ کر شتابی بصد خوف و باک
پھر اس انجمن سے میں اٹھ گیا
ہوا کاوہ گستاخ اور بے ادب
از کینہ سے چاک محضر کیا
مگر دوستدار فریدوں ہوا
دیا شاہ ضحاک نے یہ جواب
لگا پیٹنے اپنے سر کو وہ جب
گیا جبکہ کاوہ وہ کینہ خواہ
علم ہاتھ میں لیکے وہ نامور
فریدوں کا ہو جسکے دل میں خیال
ہوئے جمع واں شہری و لشکری
کہاں ہے فریدوں یہ دریافت
جو کاوہ حضور فریدوں گیا
تو ضحاک کا چل کے بیہم لے
کیا شکر لطف جہاں آفریں

گرفتار عصیاں ہوئے ہیں سب
کیا اسنے یکدست محضر کو چاک
اور اس کا بیٹا بھی ہمراہ گیا
تو نعمت شاہ کی بھول سب
اطاعت سے پیچیدہ یوں سر کیا
کہ دشمن تر از ہر گروہ ہوا
تحمل کا مجھسے نہ پوچھو جواب
بس ایک خوف آیا مرے دل کو تب
فراہم ہوئی پاس اسکے سپاہ
روانہ ہوا وہاں سے بس پیشتر
سو آئے یہاں وہ خجستہ خصال
ہوا پھر فریدوں نے تنہ سر کری
مگر سر اٹھا کر وہ سیدھے چلے!
ادب سے جھکا اپنے سر کو دیا
جہاندار ہر ہفت اقلیم نے
بجا سجدۂ شکر لایا وہاں

رفتن فریدون و بمعیت کاوہ برائے جنگ ضحاک و نشستن بتخت شاہی و تسخیر ممالک بتائید خدا

مبصر ہوا جب یہ جاہ و حشم
علم پر جو تھا چرم آہنگراں
وہ یکدست تھا زر و دیبا منقش
کہ ہو جو کوئی بادشاہ جہاں
شہان کیاں نے بفرخندگی
گیا پاس ماں کے اسنے کہا
وہ جاہ و حشم دیکھ شادی ہوئی

سپاہ فراواں تاج و علم
کیا زیب دیبائے رومی نہاں
رکھا نام پھر کاویانی درفش
تو پہنے منگا چرم آہنگراں
یہ رسم رہی یوں ہی جاری رکھی
کہ رکھتا ہوں میں قصد ان کا
لیکن جلدی سی گریاں ہوئی

ہوا خوش فریدون فرخ سیر
تھی پیکر گوہر یک سپہ ایک
علم کی جو اس طرح زینت ہوئی
بنا کر علم اس کو زر کر کے
گیا پھر فریدوں نے یہ عزم جزم
دعا کر تو اے مادر مہرباں
دعا دے کے پھر رخصت اسکو کیا

کیا ملک جم شاہ ہشتی زیب پر
بہت نادر و خوب و خوش رنگ
ہمیشہ کرے یہ رسم و آئین ہوئی
مزین بدیبا و گوہر کرے
کہ ضحاک سے اب چلے رزم
کہ ہو میں ظفریاب جا کے وہاں
اور اسم عظم خدا سے کی التجا

کہ سونپا تجھے یا رب اپنا پسر
نگہدار رہنا تو شام و سحر

روانہ ہوا پھر وہ عالیجناب
ہوا کاوہ لشکر کو لے ہمرکاب

فریدوں کے تھے دو برادر بزرگ
ولیکن وہ تھے کینہ ور مثل گرگ

فریدوں نے ساتھ اپنے انکو لیا
وفور عنایت سے شاداں کیا

پھر آہنگر اُس شاہ نے کر طلب
کیا حکم اسطرح اوسکو کہ اب

بنا دے تو اک گرزہ گاو سر
مرتب کیا اُسنے بس زود تر

اُترنا تھا شب کو وہ لشکر جہاں
سحرگاہ ہوتا تھا وانسے رواں

اسی طرح ہر روز تھے رہ نورد
سر چرخ پہنچی تھی لشکر کی گرد

وہ پہنچے کہیں اُس جگہ ایکبار
کہ ایزد پرستوں کے تھے وان مزار

رہا شاہ تنہا وہاں وقت شب
اُور امداد کی اسنے وانسے طلب

فریدوں کو الہام اُس دم ہوا
فریدوں کا دل جس سے خرم ہوا

یہ آواز آئی کہ دل شاد رکھ
یہ افسوں تو تعلیم سے یاد رکھ

پھر اک شخص پیدا ہوا ناگہاں
کہ رکھتا تھا وہ صورت راستاں

فریدونکو سکھلائی افسوں گری
یہ بولا کہ اے لائق سروری

کوئی آوے درپیش مشکل جہاں
یہ افسوں تو پڑھنا وہاں بیگماں

کہ ہو جاوے آسان مشکل تمام
بن آوے شتابی سے ہر یکدست کام

یہ سنکر فریدون فرخ نہاد
ہوا دلمیں پھر بیشتر شاد

خوشی سے وہ مسرور و شاداں ہوئی
زیادہ فزوں کو ہمت ہوئی

ترقی پہ اقبال تھا شاہ کا
لگے کہنے باہم کہ ہے یہ غضب
کہا ایک نے ہے یہ مشکل کمال
کریں گے ہلاک اسکو تدبیر سے
گئے بس وہ دونو شقاوت نشاں
یکایک سنی اُسنے آوازِ سنگ
نہ غلطاں ہوا پھر ذرا شیر
یہ بولے کہ ہمکو تعجب ہے یاں
جہاں آفریں نے کہا اب نگاہ
نہ کچھ منہ پہ اُن کے کہا زنہار
بیابان اور کوہ کی راہ سے
گذر بلنے کشتی جو انکی طلب
نہ ہرگز ذرا دل میں آیا خطر
مکان وہ بنایا تھا ضحاک نے
طلسم ایک تھا وہ درون مکان
نمایاں ہوئی وہ بلائے عظیم
کیا گرز سے اُنکو ہیں ہلاک
ہر کا وہ سے پوچھا کہ کس کا تخت ہے
بعد فرخی پھر شہ نامور
کہ ضحاک بیداد گر ہے کہاں
اُدھر لیگیا لشکر بیکراں
رہی فوج تھوڑی سی باقی وہاں
لیا مال و زر اور توڑا طلسم
گیا پھر شہنشاہ گیتی پناہ
بتان پری چہرہ و مہ جبیں

ظہور اُسکی تھا دولت و جاہ کا
جو بولا اُسکے محکوم ہم زر و دشب
ہلاک فریدون ہے امر محال
بہانہ کسی حیلہ سے تدبیر سے
اد کھاڑا وہیں ایک سنگ گراں
ہوا شاہ بیدار بس بیدرنگ
بد اندیش حیران ہوئے دیکھ کر
بلا کس طرح ہلنے سنگ گراں
بجا لائے شکر لطف آلہ
زیادہ کیا ان کا جاہ و وقار
سپاہ و حشم شوکت جاہ سے
ندی اور ہوا شاہ پر غضب
گئے بحر زخار سے سب اُتر
کیا تھا بلند اُسکو ناپاک نے
بلاہائے دشوار تر تھیں جہاں
سیہ دیو اور اژدھائے عظیم
پھر آگے گیا شاہ بیخوف و باک
لگا کہنے یوں کاوہ نیکبخت
سر تخت زریں ہوا جلوہ گر
جو کچھ تجھ کو معلوم ہے کر بیاں
زرہ پوش مردان جنگی یلاں
طلسم و حرم خانے کی پاسباں
نہ چھوڑا خزانہ نہ چھوڑا طلسم
لبھوسے شبستان ضحاک شاہ
ہوئیں شادماں شاہ کو دیکھ کر

بڑے بھائی دونوں تھے جو کینہ ور
فریدونکو بس قتل اب کیجئے
دیا دوسرے نے یہ اسکو جواب
کہیں ایکدن باد پر جفا
سر کوہ سے اسکو غلطاں کیا
فسوں کو کیا شاہ نے ورد زباں
رہ مکر سے پھر خروشاں ہوئے
اگر کوہ سے آہ کرتا کبھی
ولیکن فریدوں نے سمجھا وہاں
بصد فرخی پھر شہ نیک مرد
جہاں دجلہ تھا شہر بغداد کا
گیا وہ وہیں دریا میں گھوڑا ڈال
وہاں سے جہاندار گیتی ستاں
بہت دور سے وہ نظر آگئے تھا
گیا اُس مکاں میں وہ شاہ دلیر
فریدوں نے افسونِ اسم پڑھا
وہاں ایک اور رنگ آیا نظر
کہ یہ تخت ضحاک تازی کا ہے
پھر اک شخص وہ اس شاہ کو ملگیا
یہ بولا سنئے شہ وہ زشت خو
درون طلسم اُسکا ہے مال و زر
ہوا اسکے خوش شاہ آفاق گیر
خدا کا ادا شکر نعمت کیا
ہوا قتل جو واں مقابل ہوا
یہ بولیں کہ ہم تھے اسیر بلا

حسد لیگئے یہ چشم دیکھ کر
نہ تاخیر کو راہ یاں دیجئے
نہیں لازم اس کام میں اضطراب
تہ دامن کوہ سوتا وہ تھا
کہ تا ریزہ ریزہ ہو سر شاہ کا
ہوا بند وہ سنگ غلطاں وہاں
وہ سرگرم فریاد و افغاں ہوئے
تو ضائع فریدون ہوتا ابھی
کہ گرز تھا گاہ تیغ و سناں
لڑے خوب باہم وہ دو نوجواں
نہ کوئی ہوا کامراں زینہار
گئے پھر سوئے لشکر انجام کار
دلیروں نے پھر تیرباراں کیا
بہت پہلواں انکے بیجاں کئے
وہاں ساحر اک شخص پرزور تھا
کہ بازور تھا نام اس شخص کا
لگا کہنے پیراں کہ اب زود تر
پہاڑ کے تو جا قلعہ کوہ پر!!
وہاں جادو ایسا تو کر ایجواں
کہ ہو بارش برف باراں یہاں
ملے کچھ نہ ترکوں کو پہنچے گزند
تہ ہو دیں ایرانیاں سر بسر
یہ لشکر سر قلعہ کو سہار!
وہ ساحر ہوا جاکے مشغول کار
ہوا ابر تیرہ نمایاں وہیں!
ہوئی بارش سخت تا آسماں

نہ گرتا تھا اک قطرہ بھی اُو طرف
پھر اتنے میں پیراں ہوا واں وہاں
ہر اک جا تھی برف اور بڑا انقلاب
الٰہی تو کر فضل احساں شتاب
کوئی غیب سے مرد فرخ سیر
یہ دیکھا تو گھوڑے سے وہیں اُتر
جو خسرو نے جا کے از روئے کیں
ہوا قید جبدم وہ خانہ خراب
ہوا دن تمام اور دونوں سپاہ
رہی تھی نہ تاب اقامت یہاں
غرض بادل پُرغم و اضطراب
سر دامن کوہ طوس دلیر
یہ پیراں سے ہو مانع اُس دم کہا
پسند آئی اُس کو نہ یہ گفتگو
خوشی سے دلیران ایراں بائی

برستی تھی لشکر میں ایراں کے برف
ہوئے حملہ آور یہ فوج گراں
سواران ایراں پڑے تھے نگوں
کہ دُور ہوں برف باراں شتاب
رہام دلاور کو آیا نظر
پیادہ گیا قلعہ کوہ پر!!!
پس پشت ہاتھ اُسکے باندھے وہیں
ہوئی دُور وہ برف باری تمام
گئے رزمگہ سے سوئے خیمہ گاہ
کہ کم تھی بہت فوج ایراں یہاں
گئے سوئے کوہ ہمایوں شتاب
ہوا ہے کہ لشکر کو آرام گیر
کہ محصور کرنے سے کیا فائدہ
کہ تھا بر سر کینہ و کینہ جو!
اُسے صرف کرتے تھے لیل و نہار

ہر اک جوش سردی سے تھا کانپتا
بہت قتل ایرانیوں کو کیا
بصد زاری و عجز پیر و جواں
قرین اجابت ہوئی یہ دعا
کہ انگشت سے وہ خجستہ شعار
وہ ساحر تھا از بسکہ مشغول کار
کہا پھر یہ اُسنے کہ ہاں تُند تر
اُتر کوہ سے پھر گیا پیش طوس
پھر آیا سحر ہوکے پیراں سوار
دلیراں ہوکے ناچار و منقلب
حصار ایک تھا کوہ پر استوار
وہاں آئے ترکان پیکار جو
سر راہ مسدود مت کیجئے
بہت قلعہ میں غلہ و آب تھا
بد اندیش سے پاسبان خدنگ

ہوئے سب کے بیکار واں دست و پا
مضر برف سے کچھ نہ پہنچی ذرا
لگے مانگنے یہ دعا ہر زماں!
کرم حق نے بیچارگاں پر کیا
کرے ہے اشارہ سوئے کوہسار
نہ تھی کچھ خبر اُسکو واں زینہار
تو اس برف باراں کو اب دُور کر
اُسے قتل لا کر کیا پیش طوس
ہوا آکے آمادۂ کارزار!
وہ لڑتے ہوئے ہٹنے لگے تھے سب
کیا زخمی و خستہ نے دل قرار
کیا آکے محصور واں طوس کو
جدھر جاویں جانے اُدھر دیجئے
مہیا تھا ساماں ہر اک قسم کا
دلیرانہ کھاتے تھے ہر روز جنگ

رسیدن رستم پہلوان در قلعہ ہمایوں باستمداد و استعانت طوس و آمدن کاموس و شنگل دو پہلوان و خاقان چین با لشکر بیکراں باعانت پیران و جنگ با رستم و کشتہ شدن اشکبوس و کاموس از دست رستم و ہراساں شدن افراسیاب

سنی خسرو نامور نے خبر
یہ سنکر وہیں رستم پہلواں
یہ گودرز سے طوس کہنے لگا
جو کچھ ماجرا تھا کیا سب بیاں
وہ بولا کہ خاطر کو اب شاد رکھ

کہ محصور ہے طوس والا گہر
ہوا سوئے کوہ ہمایوں رواں
کہ آیا تہمتن تو جا پیشوا!
کہا یہ کہ اے پہلوان جہاں
غم و فکر سے دل کو آزاد رکھ

تہمتن کو کرکے طلب یوں کہا
گیا کرکے یلغار نزدیک جب
شتابی سے اُسنے بفرط خوشی
تو ایرانیوں کا ہے پشت پناہ
پھر آئے بہم سوئے دو پہلواں

کہ یاد رہو اب جاکے تو طوس کا
ہوا خرم و شادماں طوس تب
تہمتن سے جا کر ملاقات کی
یہاں تو نہایت ہوئے ہم تباہ
در و دشت تلک طوس جنگی جواں!

تہمتن کے بیٹے کو آیا وہیں!
بہت اُسکی رستم نے دلجوئی کی
بلا سرافراز ہ بر اس دیا
ہر اک کی تسلی تہمتن نے کی
لکھا اُسنے تھا شاہ توران کو
کہ کوہ ہمایوں ہے یہ وہ حصار
سپہدار توراں نے دو پہلواں
سرافراز گردان چین و ختن
روانہ تو کر اور بھی کچھ سپاہ
نہ تنہا گئی فوج ترکان چین
شتابی سے پیران شامل ہوے
وہاں پیش کاؤس پیراں گیا
یہ کہنے لگا ہو کے وہ گرم و تند
تو بس لاؤں رستم کا دم ناک میں
یہ گفتار سُنکر ہوا شاد دل!!
تو ہے یاں نگہدار تورانیاں
تو ہو قلب میں با سپاہ گراں
یہ سُنکر ہوا وہ قرین طرب
اُدھر آکے پیران خاقاں بہم
خروشاں ہوئی نائے کی دوں!
وے یا دو دن ہی خدا کو کیا
کہ تھا اشکبوس اُس دلاور کا نام
لگے کرنے وہ نیزہ بازی وہاں
ہوئی کارگر گند کی بھی نہ ضرب
تب اُس تند گرز کاری لگا

ملا جب تو یہ عذر لایا وہیں
کہ گئے قلعہ میں پھر بصد خوشی
یہ بولے کہ اے رستم نامدار
ہوئی ہے اُسکے آنے سے سبکو خوشی
کہ کر کے زبوں فوج ایران کو
نہیں تاب جنگ وہ نہیں اُن سپاہ
گئے سوئے کوہ ہمایوں رواں
تو ناد پیل فگن پیل تن!
کرے تاکہ ایرانیوں کو تباہ
روانہ ہوا آپ خاقان چین
پئے جنگ دیو خاش مل ہوئے
ثنا خواں ہوا رستم گرد کا!
کہ آکے میرے تیغ اُسکی ہو کند
بلاؤں ہیں سب رستمی خاک میں
ہوا نہاں سے غم کے آزاد دل
تو ہے اب مددگار یاری رسال
رہے تا قوی پشت جنگ آزما
گیا اپنے ڈیرے میں ہنگام شب
ادھر رستم و طوس انجم حشم
ہوئے گرم پیکار جنگ آوراں
ڈرا دی نہ اندیشہ کو دل میں جا
دلیر و جوانمرد مشہور عام
نہ لیکن ہوئی کارگر کچھ سناں
پھر اُس مرد جنگی نے ہنگام حرب
کہ توڑی سپر سہر کو زخمی کیا

رہائی حفاظت کو وشہ کی یہاں
تہمتن سر تخت بیٹھا وہاں
ہوئی زندگی تیرے آنے سے یاں
خبر لاؤں پیراں کے لشکر کی اب
کیا میں نے محصور لے بادشاہ
جو فوج اور بھیجو تو اُن کو شتاب
جوانمرد کاموس و شنگل دلیر
سوا اسکے خاقان چین کو لکھا
بہم بسکہ دونوں میں اخلاص تھا
تہمتن سے پہلے یہ پہنچے وہاں
غرض آکے جب رستم پہلواں
کہ رستم ہے ایسا سوار دلیر
تو کرتا ہے تعریف کیوں اسقدر
جو میدان میں جاؤں میں ڈرا ہوں
گیا پھر وہیں پیش خاقان چین
سحر کر کے میں گرم بازار جنگ
لگا کہنے پیران سے خاقان چین
ہوا مہر رخشندہ جب جلوہ گر
ہوئے لشکر آرا بقصد وغا
وہ انبوہ لشکر جب آیا نظر!
نکل خیل ترکاں سے اک کینہ خواہ
گیا اسنے رہام جنگی سوار
جوانمرد جنگی نے ان سے گئیں
اُٹھا گرز مارا جو بالائے سپر
گیا جبکہ گرز گراں سے ستوہ

نہ تک آسکا پیش تیر اک جواں
یمین و یسار اُس کے سب پہلواں
وگرنہ نہ تھی ہمکو اُمید جاں
کروں میں بیاں آگے احوال سب
پڑا کر دشت میں لی ہے انہوں نے پناہ
کرو نہیں ہلاک و اسیر و خراب
دلیری سے بیٹھے کے غرندہ شیر
کہ پیران کی امداد کو خسروا
کیا پاس خاقاں نے اخلاص کا
کہ تورانیاں خیمہ زن تھے جہاں
ہوا شامل فوج ایرانیاں
مقابل نہیں جسکے غرندہ شیر
مرے سامنے آئے [illegible] اگر
کروں سر بسر دشت کو بحر خوں
کہا اُسنے ایشاہ روئے زمیں
کروں قافیہ فوج ایراں کا تنگ
پئے رزم یکدل ہیں ترکان چین
دلیروں نے کینے پہ باندھی کمر
گیا تا فلک پر فغاں بوق کا
گیا سوچ میں رستم نامور
شتاباں ہوا سوئے ناوردگاہ
ہوا جا کے آمادہ کارزار
سر ترک پر گرز مارا وہیں!
تو اُس وقت رہام نے لی سپر
گیا وہاں سے رہام پھر سوئے کوہ

جو زخمی ہو وہ ہامر پلی پھر گیا
ہوا نعرہ زن جا کے مانند شیر
پھر اشکبوس نبرد آزما
نہ اک تیر بر سر ہوا کارگر!
ہوا اسکے سینے پہ گیا کارگر
جو دیکھا کہ ہے برق خونابہ بر
تو اے گرد پیراں کہے تھا دلیر
خطرے سے نہ آیا کوئی نامور
گیا رات کو سب نے آرام و خواب
لگا کہنے لشکر سے خاقان چین
تہمتن سے لیتا ہے لڑ وہ کمین
گیا اسپ کو سوئے میداں رواں
تہمتن کا شاگرد والا ہے یہی!
گیا ترک نے جب کہ نیزہ رواں
لگا کہنے رستم سے وہ پہلواں
وہ بولا کہ جب صید آوے نظر
تہمتن شتابی چو پر اسر گیا
گیا زور کاموس و رستم نے جب
کہ شبدیز پہ اپنے ہوکے سوار
ہوا اس کا گھوڑا وہاں سے فرار
گیا قتل کاموس کو پھر یہیں
سنو آگے خاقان رستم کی جنگ

تو اس ترک نے یہ ارادہ کیا
لگا کہنے اس ترک سے یوں دلیر
سو پیل تن تیر باراں کیا
کماں لے کے رستم نے پھر دو تیر
کیا تیر نے پشت سے بھی گزر
ہوا شاہ حیرت زدہ دیکھ کر
کہ رستم ہے مرد توانا و چست
مقابل تہمتن کے با کر و فر
سحرگاہ نکلا جو پھر آفتاب
کہ اے نامداران ترکان چین
کہا شنگے کاموس نے پھر وہیں
دلیرانہ جا کر پکارا کہ ہاں!
کہ بیجنگ سکو نہ پڑتی تھی کل!
تو الوائے جنگی نے دی اپنی جاں
مجھے مت سمجھ اشکبوس اکواں
تو کیونکر نہ غرندہ ہو شیر نر
ہوا اس سے وابستہ سر رخش کا
شکستہ ہوئی درمیاں سے وہ تب
کہو نہیں تہمتن سے پھر کارزار
لیا فوج خاقاں میں اسنے قرار
سواران ایراں نے آ دو کمیں

طرف اپنے لشکر کی مڑ وہ غالب
کھڑا رہ کہ پہنچا نزا ہم نبرد
ولے اتنی تھی دہشت پیلتن
رہا تیر جب شستۂ دشمن کیا
ہوا اشکبوس الغرض ہلاک
کہ بولا کہ جوں رستم پیلتن
نہیں اپنے لشکر میں کوئی بھی مرد
نہ باہم ہوا پھر کوئی کینہ خواہ
تو میداں میں گرداں پکارا جو
کہو کونسا آج جنگ آزما
کہ رستم سے کہتا ہوں جا کے جنگ
شتاباں ہوا رستم نامدار
دلیرانہ آیا سوئے رزمگاہ
رواں کرکے میدانمیں رخش کو
ڈروں میں نہ ہرگز تری شور سے
دلیری سے کاموس نے پھر کمند
پکڑلی تہمتن نے پھر وہ کمند
ہوا بلکہ کاموس زیں سے جدا
تہمتن نے پھر جلد پھینکی کمند
ہوا جبکہ وہ ترک جنگی اسیر
کوئی لشکر ترک سے اک سوار

کہ اتنے میں واں رستم پہلوان
مقابل ہو پھر کہا اگر تو ہی مرد
کہ لرزندہ تھا دست ناوک فگن
مرد و مہر نے تب کہا مرحبا!
پڑا جسم اس کا تہ خون و خاک
نہ دیکھا کوئی ایسا ناوک فگن
کہ رستم سے میداں نہیں ہو ہم نبرد
گئے پھر وہ لشکر سوئے خیمہ گاہ
صف آرا ہوئے آ کے ہر دو سو
عوض اشکبوس جوانمرد کا!
یہ کہکر شتاباں ہوا بہر جنگ
مرے ساتھ کر آ کے کارزار
ہوا آ کے کاموس سے کینہ خواہ
ہوا نعرہ زن رستم نامجو!
کہ وں آج تجھ کو زبوں زور سے
رہا کی سوئے رستم ارجمند !!!
ہو رخش کے سر پہ جو آ کے بند
ڈلے اسنے پھر یہ ارادہ کیا!
کیا مثل نخچیر اسے پائے بند
کشاں لیگیا رستم شیرگیر
ہوا پھر نہ آمادۂ کارزار
ذرا دیکھو دور زمانے کا رنگ

جنگ رستم با خاقان چین و گرفتار

آمدن خاقان و گریختہ رفتن تورانیان و فتحیاب بودن رستم پہلوان

ہوا جبکہ کاموس جنگی ہلاک
تو پیران دلیسہ ہوا سہمناک
لگا کہنے خاقاں سے آنا جو
سپہ اپنی بیدل ہوئی ہر بسر

یہ بہتر ہے عطفِ عناں کیجئے
کروں صبح اُس کو اسیرِ کمند
تہمتن کے بیٹے کو ہنگامِ جنگ
تو بخشوں تجھے سیم و زر بیشمار
پکارا کہ اے رستمِ سرفراز
کروں مثلِ کاموس تجھکو ہلاک
جو دیکھا کہ ہے تیر جوشن گداز
علم کرکے شمشیر کو بعد ازاں
پہنچکر تہمتن نے یک بارگی
یہ پھرتا تھا تیغِ برہنہ بکف
ولے بعد دیر آئے ہوماں وتل
وہ کہتا تھا وقتِ دمِ واپسیں
نہ کرتے سیاوش کو گر تم ہلاک
وہ بولا کہ اے رستمِ ذی شعور
یہ سنکر وہیں پیشِ پیراں گیا
وہ پہلے گیا پیشِ خاقانِ چین
اُسے مع خاقانِ چیں نے کیا
کہا سنکے ہوماں سے ایشاہِ چیں
جو صحرا و دریا میں ہو گرمِ جنگ
نہ ہو رزم ساز اُس سے افراسیاب
دگر بار ہوماں بعجز و نیاز
بہت چاپلوسی جو پیراں نے کی
ہوا رستمِ گرد کا مدح خواں
بہت کی ہے میں نے پسندیدگی
یہ سنکر لگا کہنے تب پیلتن

سوئے خانۂ لشکر رواں کیجئے
تو بے دل نہوں آئیں ارجمند
کروں میں جگر کو نشانِ خدنگ
بہت دوں تجھے گوہرِ شاہوار
مرے ساتھ ہو آنکہ رزم آشنا
زمیں کو کروں جسم سے تیرے پاک
سپر سر پہ لایا وہیں نامدار
تہمتن ہوا سوئے جنگش رواں
جو کھینچی پکڑ کر دمِ بارگی
لباں ہنر برثیاں ہر طرف
لگے کہنے رستم سے وہ ایچواں
کہ ہونا نہ ترکوں سے بادم گیں
تو ہوتا مرا سینہ کینے سے پاک
کسی طرح کینِ سیاوش ہو دُور
یہ ہوماں نے پیراں سے جا کر کہا
کہا یوں کہ اے شاہِ ترکانِ چین
خردمند ہوماں سے پھر یوں کہا
تہمتن سے پیکار لازم نہیں
مقابل نہو اُسکے شبرنگ
کہ البرز ہے نام سے جسکے آب
لگا کہنے یوں اے شہ سرفراز
تو جانے کی دی شہ نے پروانگی
کہا اُس سے پیراں نے [illegible]
فراواں مرا حقِ بندگی
کہ خالی نہیں صدق سے یہ سخن

ہمیں تاب پیکار رستم نہیں
پھر اتنے میں اک گرد جنگیش نام
لگا کہنے خاقاں کہ اے جنگجو
غرض جنگش گرد روزِ دگر
گیا رستمِ گرد شاداں کناں
جوانمرد جنگیش لیکر کماں
ولیکن سپر سے گذر بید رنگ
وہ ہیبت سے اُسکی گریزاں ہوا
تو جنگش ہوا پشتِ زیں سے جدا
نہ رستم سے کوئی مقابل ہوا
نہ زنہار ترکوں کو برباد کر
یہ سنکر تہمتن نے پاسخ دیا
سیاوش تھا سہراب سے بھی عزیز
لگا کہنے رستم کہ پیراں یہاں
تہمتن نے تجھکو کیا ہے طلب
بلاتا ہے اب رستمِ پہلواں
تو کیوں پیشِ رستم گیا تھا مگر
کہاں تاب ہے لشکرِ شاہ کو
تہمتن ہے شیر افگن و پیلتن
یہ سنکر ہوا تند خاقانِ چین
سخن پہلے رستم کا سن لیجئے
گیا پاس رستم کے ڈرتا ہوا
کہ کیخسرو ہے نام بردار کا
رہا قتل سے میں نے اسکو کیا
ولیکن وہ دو رو یہ ہے اے نامجو

کہا سنکے خاقاں نے کچھ غم نہیں
یہ کہنے لگا اے شہ ذوالکرام
کرے قتل رستم کو امید انہیں تو
دلیرانہ امید انہیں آن کر
کہا تجھکو لاتی ہے اب موت یاں
کیا تیر سوئے تہمتن رواں
ہوا بند جوشن میں آکر خدنگ
عقب اُسکے رستم گریزاں ہوا
اُسے قتل رستم نے وہیں کیا
سوئے جنگ ہرگز نہ مائل ہوا
وصیت تو سہراب کی یاد کر
سمجھ اس سخن کو جو کچھ ہے لکھا
بجا ہے جو ہوں تمسے گرمِ ستیز
اگر آوے توران دل ہو عیاں
تو جا پاس اُسکے کہ بہتر ہے اب
جو ہووے اجازت تو جاؤں بناز
ترے دل میں ہے اُس سے خوف و خطر
کہ ہو ساتھ رستم کے پیکار جو
سوارِ جہانگیر لشکر شکن
گیا دور ہوماں کو واں سے وہیں
جو کچھ پھر ہو منظور سو کیجئے
بہت دل میں اندیشہ کرتا ہوا
یہ مخلص بھی ہے بندۂ بادشا
جو کچھ شرطِ خدمت تھی لایا بجا
اسیرِ بلا اس سبب سے ہے تو

کہا پھر یہ پیراں نے ای نامدار — کروں ہوں میں اب تجھ سے عہد استوار
تو کر صلح موقوف کر عزم جنگ — نہ اس قدر کر فوج توراں کو تنگ
کیا تجھکو اسواسطے یاں طلب — مری بات سن گوش دل سے تو اب
حوالے کرے پھر یہ افراسیاب — زر و مال بھی سب مجھے بے حساب
جو خسرو کرے سر کو اسکے جدا — تو خالی ہو کینے سے دل شاہ کا
دلے پاس خاطر ہے تیرا ہمیں [?] — پدر بھائی صلح تھی ورنہ دور
سنا جب کہ احوال خاقان نے جب — لگا کہنے گودرز چپ سے یہ تب
کیا عرض شنگل نے اے شہریار — نہیں صلح منظور یاں زینہار
یقیں یہ ہے کر کوئی دل کینہ جو — کرے گا زبوں رستم گرد کو
یہ سنکر خوشی سے لگا کہنے شاہ — کہ بہتر ہے پھر جنگ کیجے پگاہ
وہ بیٹھا تھا خاموش تھی عقل دنگ — کہ مجلس کا اسوقت تھا اور رنگ
گیا سوئے میداں ہوا نعرہ زن — پکارا کہ اے رستم پیلتن !!!
کمر میں مخالف کے از روئے کیں — کیا بند رستم نے نیزہ وہیں
وہ اٹھکر پیادہ گریزاں ہوا — سوئے لشکر چیں شتاباں ہوا
سلامت وہاں سے اسے لے گیا — یہ شنگل نے خاقاں سے جا کر کہا
دلیری کا یہ بکنا ہے وہ شیر مرد — نہیں کوئی اس کا یہاں ہم نبرد
عبث تھی وہ مجلس میں لاف و گزاف — یہ ظاہر ہوا اب وہ گو ہے تو صاف
شہ چیں نے شنگل کو انجام کار — سواران جنگی عبث شش ہزار
بھیجے گرد رستم کے یکسر سوار — ہوا گرم ہنگامۂ کارزار
لگے پھر دلیران ہر کار جو — ادھر سے بھی رستم کی امداد کو
ہوا انکے انبوہ سے بیمناک ! — کیا کوشش جہد بے خوف و باک
یہ کیونکر کہوں میں کہ پیکان تھی — قیامت وہاں اک پدید آ گئی
ہوا سادہ داماں کاؤس کا — تہمتن سے آکر نبرد آزما
مقابل ہوا آکے پھر اک سال [?] — مگر اس سے غافل کہ آیا زوال
وہن سے نکلتا تھا رستم کے کف — گئے کشتہ صد ہا گیا جسطرف

کہ فرمانبری سے میں پھیروں نہ سر — رہوں تابع حکم شام و سحر
وہ بولا کہ اے مرد فرخ نہاد — تری بات کا ہے مجھے اعتماد
جو یہ آرزو ہے بہم صلح ہو !!! — تو کر شیوۂ مفسد دہر کو !!!
کہ کیخسرو نامور کے حضور — روانہ کروں پھر ہو پرخاش دور
تو یہ جانتا ہے ترے شاہ سے — نہیں صلح منظور ہرگز مجھے
تہمتن سے رخصت ہو پیراں گیا — یہ احوال خاقاں سے ظاہر کیا
کہ اسنے نامداراں کہو تم شتاب — تہمتن کی ہے بات کا کیا جواب
بلا سے ہوئے کشتہ دو چار گرد — بفضل خدا یاں ہیں بسیار گرد
جو یہ بات شنگل سے کہنے لگی ! — تو سب نامداراں نے تائید کی
ولے دل میں پیراں کے تھا پیچ و تاب — نہ دیتا تھا اس بات کا کچھ جواب
غرض شنگل گرد روز نبرد [?] — دلیرانہ ہو کر سوار اسپ پر
رکھوں ہوں نہیں تجھ سے تمنائے جنگ — گیا سنکے وہ گرد پر اخنگ [?]
اٹھا کر گرایا اسے خاک پر — کیا چاہتا تھا قلم اس کا سر
ہوا اسکے دنبال رستم رواں — ولے آنکے لشکر چینیاں !!!
کہ رستم کے آگے ہیں سب گرد پست — بچا لے اسے کہتے گر پیل مست
یہ سنکر ہوا شاہ چیں پر غضب — لگا کہنے یوں کیا ہوا تجھکو اب
وہ بولا ہے ساتھ ہو کر سپاہ — تو پھر جا کے رستم سے ہوں کینہ خواہ
دگر بار شنگل بقصد وغا — سوئے رزمگہ لے کے لشکر گیا
ولیکن نہ رستم کو تھا کچھ بھی غم — بکیں تیغ و نیزہ کرتا قلم
دلیروں سے کہنے لگا پہلواں — کہ اس جنگ سے یاں نہیں کچھ زیاں
بگرز گراں اب ستیزہ کرو — سر چینیاں ریزہ ریزہ کرو
بپا پے تھی یوں ضرب گرز گراں — کہ جسطرح سے تنگ آہنگراں
خروشاں ہوا ایک گرز گراں — کہ سادہ نے دی سادگی سے جان
لگا گرز جو ایک بالائے سر ! — تو بس ہو کے بیدم گرا خاک پر
وہ شنگل کہ تھا گرد جنگ آزما — تہمتن کے ہاتھوں سے مارا گیا

تہمتن کو از بسکہ تھا جوش کیں
ہوا حملہ آور سوئے شاہ چیں

جہاں پہلواں رستم کینہ خواہ
گیا جبکہ نزدیک قلب سپاہ

سواران چیں بسکہ کشتہ ہوئے
جو صحرا میں کشتوں کے پشتے ہوئے

پیام اُسنے بھیجا کہ اے نامور
نہ ہو گرم پیکار بس صلح کر

تو پیل سفید اور دیہیم زر
مرصع وہ اورنگ و گنج و گہر

غضبناک سُنکر ہوا شاہ چیں
سپہ سے یہ بولا کہ از روئے کیں

ہوئی بارش تیر ہر چند پر
تہمتن کا ہر گام تھا پیشتر

گرا خاک پر فیل سے شاہ چیں
لیا باندھ اپنوں نے وہیں

غرض لشکر چیں گریزاں ہوا
سوئے کشور چیں شتاباں ہوا

نہیں اک دو تیرے پہ پو دور چرخ
ہمیشہ سے مشہور ہے جور چرخ

نہ پیل و نہ اورنگ زرکار تھا
شہ چیں پیادہ گرفتار تھا!

یہ بولا کہ ترکوں کو جانے نہ دو
یورش کرکے ہر چار سو گھیر لو

گریزاں ہوئے شب کو تورانیاں

سواران ایرانیاں یک ہزار
گئے ہمرہ رستم نامدار!

ہوئی فوج خاقان حملہ کناں
قیامت ہوئی ایک برپا وہاں

جو رستم کی دیکھی دلیری وہاں
تو خاقان چیں کو خوف جاں

یہ سُنکر لگا کہنے وہ نامجو!
جو خاقاں کو ہے صلح کی آرزو

یہاں بھیجدے کہ ہے یہ تمام
سزاوار کیخسرو ذو الکرام

کرو تیرباراں سوئے پہلواں
دلیرانہ ہو گرم پیکاریاں

پہنچکر جو رستم نے پھینکی کمند
تو خاقاں کے سر میں ہوئی جا کے بند

زدو کوب اُسدم ہوئی اسقدر
کہ صحرا ہوا بحر خوں سر بسر

شہ چیں کا اسباب و زر واں جو تھا
سواران ایراں نے غارت کیا

زمانہ کا ہر دم ہے رنگ دگر
کبھی شام ہے اور کبھی ہے سحر

اُسے طوس کے پاس لایا کشاں
دلیروں سے پھر رستم پہلواں

ولیکن جو نزدیک تھا وقت شام
ہوا جا کے آسودہ لشکر تمام

نہ ہرگز رہا وا کے سیکا واں

روانہ شدن رستم از کوہ ہمایوں ہے ائے

جنگ افراسیاب و آمدن پلادوند شاہ ختن بمقابلہ رستم و ظفر یافتن رستم پہلوان و بہ فتح و فیروزی مراجعت نمودن و آمدن رستم بحضور کیخسرو

ہوئی صبح تابندہ جب آشکار
تو کوئی نہ ترکوں کا دیکھا سوار

سواران ترکاں کو فرصت ملی
بیاباں سے بے رنج و غم راہ لی

یہ کہکر کیا مال مغروقہ کو!
رواں پیش کیخسرو نامجو

گیا لیکے اُس دادگر کے حضور
فرامرز رستم کا فرخندہ پور

فرامرز کو خلعت و زر دیا!
اُسے مورد لطف و احساں کیا

پے طوس و گودرز و گیو و رہام
کہانتک میں لوں پہلوانوں کے نام

روانہ ہوا سوئے افراسیاب
تہمتن کرے تا کہ اُسکو خراب

کہ لشکر نے یکدست کھائی شکست
کیا سربلند انکو رستم نے پست

سپہر سے لگا کہنے رستم کہ واہ
تمہیں شب تھا میل آرام کا

سلامت گئے سیف تورانیاں
ہے خواب غفلت میں ایرانیاں

وہ پیل سفید اور وہ تخت و تاج
فراواں زر و گوہر و گنج و تاج

ہوا شاد کیخسرو نامدار
شگفتہ ہوا دل بہ رنگ بہار

تہمتن کو بھی خلعت پُر گہر
زروئے عنایات با گنج و زر

وہ جتنے تھے گردان جنگ آزما
ہر ایک کو کئے خلعت و زر دیا

حضور سپہدار توراں دیار
کیا جا کے پیراں نے یوں آشکار

شہ چیں کو میدان سے روز نبرد
پکڑ لے گیا زندہ شیر مرد

ہوا بر الم سنکے افراسیاب — بہت دلکو اسکے ہوا اضطراب
کیا نامداروں کو اسنے طلب — کہا یونکہ ہاں مصلحت کیا ہے اب

لگے کہنے مردانِ جنگ آزما — کہ چین سے ناحق طلب کی شہا
وہ سمجھا کہ ہیں مرد میداں اگر — ذرا حکم ہووے تو اب زود تر

کریں رستم گرد سے جاکے جنگ — ملادیں اسے خاک میں بے درنگ
وہ بولا کہ رستم ہے لشکر شکن — توانا و زور آور و پیلتن

بہت جنگ میں آزمایا اسے — کسی نے ذرا بھی نپایا اسے
خدنگ و سناں گرز تیغ و تبر — بدن پہ نہ اسکے ہو کچھ کارگر

نہیں قتل بدخواہ دشوار ہے — نہیں سہل یہ کام نہایت ہے
پھر اک نامہ شاہ ختن کو لکھا — طلب پھر امداد اسکو کیا

تہمتن کا سپہدار پولادوند ! — دلیر و نبرد آزما زورمند
ختن سے رواں ہوکے پہنچا شتاب — ہوا شامل شاہ افراسیاب

ہیم شاہ توران و پولادوند — سوئے لشکر رستم ارجمند
شتاباں ہوئے باسپاہ گراں — دلیران و گردان و جنگی جواں

تہمتن بھی ہر روز نقارہ نورد — توقف نہ کرتا تھا وہ شیر مرد
کہیں راہ میں ایک آیا حصار — کہ واں گردکا نور تھا قلعہ دار

وہ رستم سے آکر ہوا کینہ خواہ — عدم کی ولے اسنے لی وہیں راہ
وہ حصنِ متیں فتح جسدم ہوا — رواں ہشتیر وانسے رستم ہوا

سپہدار توراں کے جب متصل — ہوا خیمہ زن رستمِ شیر دل
تو سالار توران سے پولادوند — لگا کہنے یوں اے شہ ارجمند

جو شب گذری اور ہو سحر آشکار — کروں جاکے رستم سے میں کارزار
غرض دوسرے روز وقتِ پگاہ — دلیرانہ آیا سوئے رزمگاہ

مبارز طلب آن کر جب کیا — پئے جنگ تب گیو جنگی گیا
رہا کر کے شاہ ختن نے کمند — کیا پہلواں گیو کے سر کو بند

یہ چاہا کہ لیجائے کھینچکر ! — کہ اتنے میں یہ حال کر کے نظر
رہام اور بیژن نے جاکر کمند — رہا کی سو شاہ پولادوند

ہوا شاہ کا بند بازو سپر — ولیکن کیا شہ نے زور اس قدر
کر دہیں گئیں ٹوٹ دونوں کمند — علم کر کے پھر تیغ پولادوند

ہوا سوئے گردانِ جنگی رواں — کیا اسنے زخمی انہیں بعد ازاں
پہنچکر بیک ضربِ شمشیر کیں — کیا خستہ بس گیو کو بھی وہیں

جو میداں میں زخمی ہوئے سر بتن — تو گودرز با خاطرِ پر محن
گیا پیش رستم وہ نالہ کناں — کہا یوں کہ اے پہلوانِ جہاں

ہوئے ہاتھ زخمی نبیرہ پسر — شتابی سے تو جاکے امداد کر
یہ سنکے گیا رخش پر ہو سوار — سوئے رزمگہ رستمِ نامدار !

کمند آکے رستم نے کی جب رہا — تو شاہِ ختن نے جبہ اسر لیا
جو خالی گئی پہلواں کی کمند — تو گرزِ گراں لیکے پولادوند

گیا اور مارا جو اس گرز کو ! — تو رنجہ ہوا رستمِ نامجو
ہوا خوں رواں سر ہوا دردمند — رہا زین پہ قایم یل ارجمند

نئے درد سے تھی نہ تاب اسقدر — رہا جو کرے زخم بدخواہ پر
خدا سے تہمتن نے کی التجا ! — کہ عاجز ہے اب رحم کر یا خدا

وہ طاقت مجھے بخش اے بیچگوں — کروں تاکہ بدخواہ کو اب زبوں
پھر اتنے میں بدخواہ نے آن کر — رواں تیغ کی گرد کے کتف پر

نہ جوشن پہ لیکن اثر کچھ ہوا — یہ شاہ ختن دلمیں کہنے لگا
کہ افسوس ایدل یہ وہ گرز ہے — کہ لرزاں سدا جس سے البرز ہے

چلے کھاکے یہ ضرب گرز گراں — نہ ہرگز ہلا زین سے پہلواں
مری تیغ براں تھی خارا شگاف — دو پارہ کرے سنگ و آہن کو صاف

برابر لگے اس گرد کے جسم پر — ذرا بھی نہ ہرگز ہوئی کارگر
پھر اسنے کیا میل کشتی وہاں — تہمتن سے کی خواہشِ دل عیاں

تہمتن نے سنکر پذیرا کیا — ولیکن یہ اس وقت اسنے کہا
کہ افراسیاب دلاور کو یہاں — طلب کیجے تا کہ اے پہلواں

کرے آکے پیمان و عہد استوار
سپہدار توراں گیا پھر وہاں
رہے فاصلہ نیم فرسنگ کا!
لگا کہنے شاہ ختن سے کہ ہاں
رہا ہاتھ سے تیرے گر ہوئیگا
ہوئے دونوں مصروف کشتی بہم
اٹھا کر جو ٹپکا اسے خاک پر
یہ سمجھا وہیں رستم ارجمند
کہا جاکے اے شاہ افراسیاب
رہائی مجھے اس سے سوجھی تھی کب
تہمتن کی بھی فوج پہنچی وہاں
یہاں سے نہیں بھی ہے حاصلِ ظفر
لگا کہنے پیراں سے شاہنشہا
مناسب نہیں ہے توقف یہاں
لگا ہاتھ رستم کے پھر مال و گنج
بفتح و ظفر لیکے پھر مال و زر
سوا اسکے سب مال مغرور بھی
کہوں قصہ اب اور باآب و رنگ
ہوا جشن آراستہ ایک روز!
امیران و گردان ایراں دیار
کہیں دامن دشت سے آگیا
تعجب ہے حیرت کلہ ہے یہ مقام
کہے ہے ایک اکوان دیو لعین
سنا جبکہ یہ دیو کا ماجرا!
نہیں اور کو تاب یہ زینہار

کہ بھیجے مدد کو نہ کوئی سوار
تہمتن نے اس سے کہا یوں بیاں
مدد کو نہ پہنچے کوئی دوسرا
زمیں پر گرے جبکہ یہ پہلواں
تو پھر کام دشوار تر ہوئیگا
لگے کرنے ہر دم درشتی بہم
تو بدیم ہوا وہ شہ کینہ ور
کہ بس مر گیا شاہ پولادوند
نہیں زینہار آدمی کی یہ تاب
ہوا مکر و حیلہ سے جانبر میں اب
ہوا گرم بازار پرخاش کیں
بھلا کیسے ہو جنگ گرم کیں
سپہ لیکے شاہِ ختن اٹھ گیا
سوئے خانہ بس ہو جئے اب رواں
مبدل ہوا ساتھ راحت کے رنج
گیا پیش کیخسرو نامور
تہمتن کو بخشا بفرطِ خوشی

غرض اس سخن سے یہ تھا مدعا
شہا عہد و پیماں یہ باہم تو کر
پذیرا کیا شاہ نے یہ سخن
جگر چاک اس کا وہیں کیجیو
کیا لیکے افراسیاب دلیر
کیا زور رستم نے انجام کار
ملے دم چرایا بد اندیش نے
کیا یہ سوئے رخش تا ہو سوار
کہو رستم گرد سے ہم خبر
عقب اسکے پہنچا جو گرد دلیر
لگا کہنے لشکر سے پولادوند
چلو پھر بسوئے دیارِ ختن!
ہوئی اس سبب سے یہ بیدل سپاہ
غرض شب کو وانسے بصد اضطراب
تہمتن نے ہر اک با صد طرب
ہوا شاد کیخسرو نامجو
کیا بیژن و گیو کو پھر طلب

جنگ رستم با دیو اکوان و کشتہ شدنش از دستِ رستم

حضور اسکے حاضر تھے سب نامدار
کئی گھوڑوں کو اس نے ضائع کیا
کہ آ کر کیا گورخر نے یہ کام
سرِ چشمہ صحرا میں مسکن گزیں
تہمتن سے خسرو نے تب یوں کہا
یہ تکلیف بھی تو ہی کر اختیار

کہا ایک چوپاں نے واں آنکر
یہ کہنے لگا خسرو پیل زور
یہ سنکر وہیں موبدان کہن
ہوا دشت میں آشکار آنکر
کہ اے پہلواں رستم پیلتن
وہیں لیکے گرز و کمند و عناں

کہ رستم نے دم راست اپنا کیا
کہ ہٹ جائے لشکر عقب سربسر
پھر آہستہ آکر شہ پیلتن
توقف کو تم راہ مت دیجیو
فرود آئے گھوڑے سے دونوں وہ شیر
کہ دشمن نہ قائم رہا زینہار!
کیا مکر بدخواہ بدکیش نے
گریزاں ہوا اٹھ کے وہ شہریار
حضور اسکے ہے کوہ البرز گرد
تو گردان ایراں نے جائی تیز
کہ تخت و زر و گنج و نام بلند
یہ کہہ کر گیا شہریار ختن!
نہیں سوئے پیکار مائل سپاہ
گریزاں ہوا شاہ افراسیاب
کیا ملک توراں تقسیم سب
دیا گنج و زر رستمِ گرد کو!
وہ توراں سے آئے سپہ لیکے سب
سنا دیں ہیں اکوان و رستم کی جنگ
سر تخت خسرو تھا جلوہ فروز
کہ گلے میں اسپاں کے اک گورخر
نہیں زور میں ہمسر اسپ گور
لگے کہنے یوں پیش شاہِ زمن
وہی دیو ہے صورتِ گورخر
ترا کام ہے کشتن اہرمن
تہمتن ہوا سوئے صحرا رواں

سوئے گور خر جبکہ پھینکی کمند / وہ غائب ہوا کچھ نہ پہنچی گزند
پھر اک دم میں پیدا ہوا وہ نہیں / یہ دوڑا وہیں کھینچ کر تیغ کیں !

کیا چاہیے تھا نہ خم اس پہ ہا / نظر سے وہ پوشیدہ پھر ہو گیا
یہ سمجھا تہمتن یل پیل زور / کہ ہے بیگماں دیو اکوان گور

غرض اس طرح سے وہ دیو پلید / گہے تھا نمایاں گہے ناپدید
رہا تین دن تک تہمتن خراب / نہ آرام تھا دن کو نے شبکو خواب

بروز چہارم سوار دلیر / ہوا اور صحرا میں آرام گیر
گیا خواب میں جبکہ وہ پہلواں / تو پھر آ گئے دیو اکوان واں

زمیں کو شتابی بریدہ کیا / اٹھا کر تہمتن کو بس لے گیا
ہوا جبکہ بیدار وہ پیلتن / لگا کہنے تب اس سے یوں اہرمن

کہ دریا میں پھینکوں میں یا کوہ پر / جو ہو خواہش دل بیاں مجھ سے کر
سمجھتا تھا یہ رستم شیر گیر / کہ برعکس ہے کار دیو شریر

کہا دیو سے پھینک دے کوہ پر / کہ تا استخواں ریزہ ہوں سربسر
اسے دیو ناپاک نے پھر وہیں / دیا پھینک دریا میں از روئے کیں

گرا جبکہ دریا میں تب بیدرنگ / سوئے رستم گرد دوڑے نہنگ
جوانمرد اس وقت لایا پناہ / سوئے آخر بنید از مہر و ماہ

ازرہ دلیری علم کر کے تیغ / لگا قتل کرنے انہیں بیدریغ
یل پیلتن خوب تیراک تھا / دلیر و جوانمرد و بیباک تھا

شناور تھا یکدست سے پہلواں / بدست دگر تھا ستیزہ کناں
بعون عنایات و لطف خدا / کنارے پہ پہنچا وہ جنگ آزما

سلاح و لباس اپنا کر خشک واں / ہوا پھر سوئے دیو اکواں رواں
یہ اس چشمہ پر رفتہ رفتہ گیا / کہ گھوڑوں کا یعنی چراگاہ تھا

جواں مرد کا [illegible] تھا واں / ہوا پھر سوار اسپ وہ پہلواں
جو چوپاں تھا خسرو کی سرکار کا / وہاں اسنے گلے کو رکھا نہ تھا

سپہدار توران کا گلہ بان / کہیں اپنے گلے کو لایا وہاں
رواں لیکے گلہ ہوا پیلتن / سوئے خسرو خسروان زمن

خبر پا کے چوپان افراسیاب / سوئے رستم گرد آیا شتاب
اسے دیکھ کر رستم نامور ! / خروشندہ ہوکے جوں شیر نر

یہ بولا کہ رستم مرا نام ہے / نبرد آزمائی مرا کام ہے !
تمہارا جو ہے شاہ افراسیاب / کیا میں نے اسکو تباہ و خراب

عبث کس لئے تم مقابل ہوئے / عبث سوئے پیکار مائل ہوئے
یہ کہہ کر وہیں کھینچ کر تیغ تیز / کیا قتل کتنوں کو وقت ستیز

یہ مردانگی دیکھ حیراں ہوئے / وہ ناچار یکسر گریزاں ہوئے
تہمتن ہوا پھر رواں بیشتر / نگہباں تھا گلے کا شام و سحر

لئے تھا وہ منزل بمنزل رواں / کڑکوں کی پہنچی سپہ ناگہاں
خبر پا کے رستم کی اک نامدار / سپہ لیکے اور پیل جنگی ہزار

گیا اسکے یلغار بہر نبرد / مقابل ہوا اسکے وہ شیر مرد
کئے کشتہ گرداں بہت تیر سے / کیا قتل کتنوں کو شمشیر سے

کئے کشتہ پھر گرز سے بیدرنگ / چہل نامداران ہنگام جنگ
سواروں کو یکدست کرکے تباہ / لئے گرد نے چار پیل سیاہ

وہ سرکردۂ فوج توراں دیار / ہوا جادہ فرمائے دشت فرار
بفتح و ظفر رستم پہلواں / ہوا بیشتر پھر وہاں سے رواں

گرفتہ تھا خسرو کے اک نامدار / کیا پیش اسکے وہ جنگی سوار
وہ گلہ بھی اور چار پیل بلند / سپرد اسکے کرکے یل ارجمند

روانہ سوئے بیاباں ہوا ! / پئے جنگ اکواں شتاباں ہوا
پہنچکر سر چشمہ وہ پہلواں / خروشاں ہوا مثل شیر ژیاں

کہا دے کے سوگند گر تو ہے مرد / تو اے دیو آ سامنے کر نبرد
نہیں کار مرداں پیکار جو / کہ آزار دیں خواب میں مرد کو

دلیرانہ آیا مقابل وہ دیو !! / لگا کہنے رستم سے کرکے غریو
کہ جنگ نہنگاں سے ہو کر رہا ! / پھر آیا یہاں تو برائے دغا

یہ سنکر تہمتن نے ڈالی کمند
جدا دیو کے جسم سے کر کے سر
جو دیکھا سرِ دیو حیراں ہوا
پھر اک جشن ترتیب شہ نے کیا
رہی بزمِ عشرت وہاں چند روز
مرے دل میں ہے آرزوئے وطن
وہ منزل گیا اسکے ہمراہ شاہ
کہوں کیا کہ ہے یہ عجب داستان

کمر کو کیا دیو اکواں کی بند
شتابی سے فتراک سے باندھ کر
تہمتن کا خسرو ثنا خواں ہوا
مہیا تھا اسباب سب عیش کا
رہا دورِ جامِ مے دلفروز
مجھے کیجیے رخصت سوئے وطن
تہمتن کا افزوں کیا عز و جاہ

بیک ضرب گرز گراں پہلواں
رواں ہو کے پھر پیش خسرو گیا
طلب کر کے پھر رستم ہوشیار
ہوئے مائل عیش شام و سحر
کیا عرض رستم نے یوں ازاں بعد
تہمتن کو خسرو نے رخصت کیا
اب آگے بیان نظم بیژن کروں

پریشاں کیا مغز دیو لعین
شہنشہ نے اعزاز اس کا کیا
کیا رستم پہلواں پر نثار
بہم خسرو و رستم نامور!!
کہ اے خسرو خسرواں جلیل
بہت مال اور گنج اسکو دیا
کہن قصہ کو تازگی سے لکھوں
کہ سننے سے ہو اشک جسکے رواں

رفتن بیژن پسر گیو طرف ارمان

برائے جنگ گرازان و فتحیاب شدن و رسیدن در مرغزاری و فریفتہ شدن منیژہ دخت افراسیاب بر جمال بیژن پہلوان و ہمراہ بردنش بہ شبستان خود و خبر یافتن افراسیاب ازیں ماجرا و قید کردن در چاہ تاریک و رہا کردن رستم اینرا و رفتن سوئے ایران

کہیں آگے ارمانیاں ایک روز
کہ ارمان میں خسرو سرفراز
ستم ہے گرازوں کے ہم آیاں
اُٹھا بیژن پور گیو دلیر
دلے گیو بولا کہ اے شہریار
یہ کہہ کر وہیں رستم پہلواں
گرازوں کے بیشے میں پہنچے وہ جب
نہ زینہار گرگیں مددگار تھا
وہیں کھینچکر خنجر آبگوں
گرازان خونخوار کو قتل کر
بہ فتح و ظفر خرم و شادماں

حضور جہاندار گیتی فروز
تعدی کناں ہیں ہزاروں گراز
نظر کر بحال ستمدیدگاں
شہ شیر صولت سے بولا وہ شیر
یہ کار آزمودہ نہیں زینہار
ہوا شاہ سے ہو گئے رخصت یواں
گرازاں مقابل ہوئے آکے سب
فقط وہ جواں گرم پیکار تھا
دلاور نے اس کو کیا غرق خوں
کیا دشت کو بحر خوں سربسر
رہا جا کے پھر دشت میں پہلواں

لبان غریباں و بیچارگاں
نہ چھوڑیں زراعت نہ برگ شجر
یہ خسرو نے سنکر نظر کی وہیں
مجھے حکم ہو اے شہ نامجو
یہ سنکر لگا کہنے گرگین دلیر
ولے اسکے ہمراہ گرگیں گیا
گرازوں سے بیژن ہوا ہم نبرد
گراز ایک آیا سوئے پہلواں
غرض اس طرح سے بگرز و خدنگ
لگا دی وہاں آگ بھی چار سو
کئی روز مشغول عشرت رہا

لگے کرنے فریاد و شور و فغاں
ستاتے ہیں مردم کو شام و سحر
سوئے پہلوانان ایراں زمیں
کروں قتل خوکان خونخوار کو
جواں ہوں ولیکن ہے تدبیر پیر
بحکم جہاندار کشور کشا
لگا کرنے شیری یل شیر مرد
کہ پارہ کیا جوشن پرنیاں
ہزاروں کئے کشتے ہنگام جنگ
چلے سب گرازان پیکار جو
پھر اک روز گرگیں نے اس سے کہا

کہ یاں دشت ہے ایک رشکِ جناں
وہ ہر سال آتی ہے واں سیر کو
کہ صحرا میں ہے اِک نو نازنین
سنا وصف جب ماہ رخسار کا
کہ بیٹھی ہوئی ہے بہ ناز و ادا
مہیا ہے واں بادہ و چنگ و رود
ہوا پہلواں عاشقِ دلستاں
کہ کوئی نہیں آسکے ہے یہاں
منیژہ نے دایہ سے پھر یہ کہا
شتاباں ہوئی دایۂ خوش خصال
پئے جنگ خوکاں ہیں آیا اِدہر
مجھے شوق دیدار لایا یہاں
کیا اور بھی اسکو امیدوار
گئی دایہ پھر پیش بیژن وہاں
لگے کہنے گرگیں ہیں ٹھیرو یہاں
یہ جانا کہ واں بیژن پہلواں
وہیں لیکے بیژن کے شبدیز کو
گیا پھر محبت سے واں ہمکنار
ہوئی بادہ پیما بفرطِ طرب
ہوا مستیٔ بادہ کا جبکہ جوش
نہفتہ گیا قصر میں رات کو
بہت دل میں اپنے پشیماں ہوا
پڑھے مجھپہ گرگیں نے صد افسوں
منیژہ نے کی جمع خاطر کمال

ہر اک رنگ کے گل شگفتہ ہیں واں
لئے ساتھ اپنے کئی شعلہ خو!
پے سیر آجا اقامت گزیں
ہوا دل سے مشتاق دیدار کا
لئے ساتھ اپنے کئی دِلربا
گل و سرو و مینا و جام و سرود
ہوئی دلستاں عاشقِ پہلواں
عجب ہے کہ یہ بیشہ اور یہ جواں
کہ تو اس جگہ انکے ذرا پاس جا
ہوئی جا کے بیژن سے پرساں حال
کیا دفع میں نے انہیں سر بسر
بعزم و تمنا میں آیا یہاں
کہا پھر یہ تدبیر کر ایک بار
لگی کہنے اُس سے کہ اے پہلواں
تری پاسبانی کو اے پہلواں
اسیرِ بلا ہو دیگا بے گماں!
رواں سوئے ایراں ہوا کینہ جو
منیژہ نے بیژن کو بے اختیار
پئے عیش واں سہ روز و سہ شب
رہا کچھ نہ زنہار بیژن کو ہوش
رکھا سب سے پوشیدہ اسباب کو
نہایت دل اُس کا پریشاں ہوا
سوئے راہ بیدہ ہوا رہنموں
کہا یونکہ دل کو نہ کر پر ملال

منیژہ ہے اک دخت افراسیاب
یہ گرگیں نے قصہ کیا جب بیاں
ہر اک نے منیژہ کی تعریف کی
جو پہنچا وہاں بیژن نامور
کنیزاں ہیں پر اُس نازنین
گیا بیژن گرد جب متصل
لگی کہنے وہ غیرتِ ماہتاب
چلا آیا اس طرح سے بے خطر
شتاب اس سے احوال دریافت کر
یہ کہنے لگا دایہ سے وہ جواں
سنا میں نے یہ دخت ہے زیرِ رُود
یہ کہکر اُسے دی وہ انگشتری
منیژہ یہ بولی کہ لاؤ اُسے
منیژہ نے تجھ کو کیا ہے طلب
ہر اک طرح تھا گرچہ رنگین رگ
گیا جب اُدھر بیژن نامدار
گیا جبکہ بیژن تو وہ نازنیں
ہوا جب وہ آغوشِ آرامِ دل
بروز چہارم ہوا بے خبر!
عماری زریں میں پھر ڈالکر
ہوا جبکہ بیدار اور ہوشیار
لگا کہنے اے کردگارِ جہاں
اسیرِ بلا اُسنے مجھ کو کیا
جو انکو نکو پیش ہو رزمگاہ

نہیں اُسکے روشن مہ و آفتاب
لگے کہنے تب واں کے باشندگاں
بیاں حسن کی اُسکے توصیف کی
تو یہ دور سے اُسکو آیا نظر
ستارے ہوں جوں گرد ماہ میں
ہوا شیفتہ تب منیژہ کا دل
کسے ہے اس قدر خوف افراسیاب
نہ ہرگز کیا اُس نے کچھ بھی حذر
کہ یہ آن پہنچا ہے کیوں کر ادہر
مرا نام ہے بیژن پہلواں
ہوئی دیکھنے کی مجھے آرزو
جسے دیکھ حیرت میں ہیں جوہری
مرے پاس لاکر بٹھاؤ اُسے
گیا ساتھ اسکے وہ با صد طرب
دلے کینہ آور تھا مانند گرگ
یہ بدکیش ٹھہرا نہ واں زینہار
گئی سوئے خرگاہ اُٹھکر وہیں
میسر ہوا سر بسر کامِ دل
گیا خواب میں بیژن نامور
منیژہ اُسے لے گئی سر بسر
گرفتار حیرت ہوا نامدار
تو ہے عالم آشکار و نہاں
عوض اُس سے لے رب اسباب کا
کبھی شادی و عشرت و رزمگاہ

فدا ہو نہیں تو ور تجھ پہ قربان ہوں
اگر شاہ توراں سے پہنچے ضرر
یہ کہہ کر لگے پینے باہم شراب
نہ تھا دخل نامحرمن کو وہاں
پھری گردش چرخ انجام کار
گیا دوں ہی دربان خانہ خراب
ہوا شاہ سنکر بہت خشمگیں
شنیدہ کا ہرگز نہیں اعتبار
وہ ہے لایق قید بند گراں
کرے جا سواران بیکار جو!
یہ سنکر جو گرشیوز کینہ خواہ
درکاخ مسدود آیا نظر
جو دیکھا پہونچ کر در خانہ پر
نہ جنگ و خوف ورود تنہا ہیں دل
شہنشاہ توراں کا یہ کاخ ہے
کریاں ہے نہ گرز و نہ توس خدنگ
نہیں کوئی اس دم مددگار ہے
دلیرانہ آیا در خیمہ پر!
مقابل ہو میرے جو کوئی جواں
تو نبٹی کرے مجھسے کر ایکبار
جو دیکھا کہ بیژن دلیر و جواں
کیا ساتھ بیژن کے عہد استوار
اُسے لے گیا سوئے افراسیاب
گیا وہ گرفتار جب پیش تخت
لگا کہنے بیژن کہ اے تاجور!

رضا جو تری ہا دل و جان ہوں
تو جاں ہو مری تیرے آگے سپر
ہوئے دولت وصل سے کامیاب
کسی پر نہ یہ راز تھا کچھ عیاں
کہ یکساں نہیں اطوار روزگار
کیا عرض یوں پیش افراسیاب
فراحان سالار کو بس وہیں
کوئی جاکے واں دیکھ لے ایکبار
عقوبت ہے اس پر بلا بیگماں
تو محصور کر جاکے اب کاخ کو
گیا تا در کاخ لے کر سپاہ
شکستہ کیا در کو بہ زود تر
تو اک مرد بیگانہ آیا نظر
سہ صد حور چہرہ پرستندگاں
یہاں اس طرح سے تو گستاخ ہے
کروں کس طرح تنہا دشمنکے جنگ
جہاں آفریں بس مددگار ہے
خروشاں ہوا کے جوں شیر نر
تو کھوئے وہیں اپنا سر بیگماں
چلوں ساتھ تیرے سوئے شہریار
کرے کشتہ لشکر کو اب بیگماں
لیا اس سے وہ خنجر آبدار
کشاں سر برہنہ بحال خراب
کہا شاہ توراں نے اے تیرہ بخت
بجنگ گرازاں میں آیا ادہر

ہیرے گھر کو اپنا ہی تو خانہ جان
تو اب شوق سے نوش کر جام مے
شب و روز رہنے لگے ہمکنار
کئی سال گذرے بعیش و سرور
خبردار دربان ہوا ناگہاں
کہ شاہا گیا ننگ و ناموس مفت
ملا کر کہا مصلحت اب ہے کیا
اگر کاخ میں غیر کو بار ہے
سخن شاہ نے سنکے سالار کا
شبستاں میں دیکھے کسی کو اگر
سنی بانگ قانون چنگ و رباب
گیا اندرون محل کینہ خواہ
منیژہ ہے اور وہ جواں ہمکنار
یہ دیکھا تو گرشیوز کینہ جو!
ہوا سنکے بیژن کو تب اضطراب
ہوا بخت برگشتہ انجام کار
یہ کہہ کر وہیں لے کے نام خدا
کہ بیژن ہوں میں پور گیو دلیر
میں اس خنجر تیز سے اب کروں
سوا شاہ رکھتے نہ مجھپر ستم
گرفتار کرنا ہے دشوار تر
ہوا ہاتھ سے جبکہ خنجر جدا
نہ ہو طالع نیک یاور اگر!
تو کیونکر توراں میں آنا ہوا
لگا کہنے صید افگنی بعد جنگ

مرے جان مجھکو نہ بیگانہ جان
کہ ہرگز نہیں جائے اندیشہ ہے
نہ تھا کار جز عیش واں زینہار
قرین عیش و عشرت غم و رنج دور
ہوا اُسکو اندیشۂ مخوف جان
منیژہ کا اک گھر ایراں ہے جفت
فراحاں نے یہ عرض شہ سے کیا
تو پھر اُس میں کیا جائے مکر الہٰ
کہ گرشیوز کینہ جو سے کہا!
تو لے آ کشاں یاں اُسے پابند کر
لیا گھیر ہر اک طرف سے شتاب
گیا پھر اُدھر تھی جدھر رشک ماہ
بہم بے حجابانہ ہیں بادہ خوار
ہوا نعرہ زن یوں کہ ہی کون تو
لگا کہنے کہ اکہ دہیں پیچ و تاب
نہ ہرگز موافق رہا زینہار
لیا کھینچ خنجر جو موزے میں تھا
شجاعت کے بیٹے کا اک نرہ شیر
بہت نامداروں کو بس غرق خون
شفاعت کرے تو مری کھا قسم
کہ مرنے پہ اب اُسنے باندھی کمر
گرفتار بیژن کو اس دم کیا
تو ہرگز نہ کچھ کام آوے نظر
شبستاں میں کس طرح جانا ہوا
خوشی سے نہ چرخ فیروزہ رنگ

ہرا یار گم ہو گیا ناگہاں
سوئے دشت آیا تفحص کناں

ہوا خفتہ پھر میں بزیر درخت
ہوا خفتہ گویا مرا ہے بخت

یکایک ہوا اک پری کا گذر
اُڑا لے گئی مجھکو واں آنکر

نمودار پھر فوج توراں ہوئی
عمارت اک اُسمیں نمایاں ہوئی

پری نے سنبھکر غضب یہ کیا
کہ مجھکو عمارت میں بٹھلا دیا

عماری میں بیٹھی جو تھی نازنیں
پڑا اُسپہ افسوں پری نے وہیں

اثر سے فسوں کے وہیں بےخطر
پری رو مجھے لے گئی اپنے گھر

نہیں اس میں زینہار میرا گناہ
نہ آلودہ ہمیاں سے ہے رشک ماہ

نہیں تھی پری بخت برگشتہ تھا
کہ جسنے کیا یوں اسیر بلا

لگا کہنے پھر شاہ توراں دیار
کہ اے بخت برگشتہ روزگار

تو وہ ہے کہ با گرز تیغ و خدنگ
کدا اسپ ترتا تھا میدانمیں جنگ

کہ اب دست بستہ مثال زناں
یہ گفتار مستانہ کرتا ہے یاں

نہیں راست تیرا سخن زینہار
تو جانبر نہ ہو ویگا انجام کار

سُنی جب یہ گفتار افراسیاب
بہ گرشیوز کینہ جو سے شتاب

ہر البتہ کرنا کچھ آساں نہ تھا
ونے تیرے داماد نے کی دغا

تو اک توسن و گرز اب دو مجھے
کہ دکھلاؤں اپنی دلیری تجھے

دلیران و ترکان و جنگی سوار
مقابل مرے گر شہا اک ہزار

تماشا تو پھر دیکھ میدانمیں
کروں قتل سب کو میں اک آنمیں

رہے زندہ ترکوں سے گر ایک سوار
تو مت کہہ مجھے بیژن نامدار

ہوا پُر غضب سُنکے افراسیاب
بہ گرشیوز کینہ جو سے شتاب

لگا کہنے کھینچ اسکو اب دار پر
نگوں بخت کو تو نگونسار کر

اُسے لے گیا وہ سوئے دار جب
کہا خلق نے آکے انبوہ تب

برادر نہ تھا نے کوئی یار تھا
خدا لیکن اُسکا مددگار تھا

سنو کارسازی کا حق کے بیاں
کہ پیراں اُدھر آگیا ناگہاں

یہ انبوہ دیکھا تو حیراں ہوا
یہ پیران ویسہ نے سُنکر کہا

کہ یارو نہ جلدی کو یاں راہ دو
ہلاک اس جواں کو ابھی مت کرو

یہ کہکر وہ سردار والا خطاب
شتابی گیا پیش افراسیاب

ہوا ایستادہ ادب سے وہاں
کہا شہ نے آ بیٹھ اے پہلواں

جو پیراں نے دیکھا یہ لطف و کرم
تو بولا کہ اے شاہ عالی ہمم

نہ کر بیژن نامور کو ہلاک
ذرا دل میں کر خوف یزدان پاک

کئی بار دی پیشتر میں نے پند
نہ شنوا ہوا جب شہ ارجمند

ہوا کام سے دست بردار تب
دلے پھر میں کہتا ہوں ایشاہ اب

کہ کین سیاوش کو تازہ نہ کر
درخت بلا کو نہ کر بار ور

سیاوش کو جو قتل تو نے کیا
تو پھر کیا اُٹھایا بھلا فائدہ

کہا شہ نے زندہ اگر چھوڑ دوں
تو دنیا میں رُسوا و بدنام ہوں

کیا سنکے پیراں نے پھر یوں بیاں
کہ رکھئے گرفتار بند گراں

یہ سُنکر رہ جور و بیداد سے
کہا شاہ نے اپنے داماد سے

کر کر چاہ تاریک میں اسکو بند
ہر اک طرح سے اسکو پہنچا گزند

اور اک دیو اکوان نے سنگ گراں
بیابانمیں پھینکا جو تھا اکوان

دہن پر تو رکھ چاہ کے اک سنگ
نہ زنہار اسبات میں کر درنگ

منیژہ کو بھی یانسے لے جایئے
نگونسار بیشے میں بٹھلایئے

بفرمودۂ شاہ افراسیاب
سنا جب تو اُس کینہ جو نے شتاب

کیا قید بیژن کو بیجا کے واں
کوئیں کے رکھا مُنہ پہ سنگ گراں

منیژہ کی ماں دوڑی آئی شتاب
کیا عرض یوں پیش افراسیاب

کہ دختر پہ ایذا نہ رکھئے روا
گر زندہ اسکو پہنچائیے مت شہا

شفاعت ہوئی گو عقوبت سے پر
کیا شہ نے دختر کو گھر سے بدر

سبب سے محبت کے ہو رچاہ کے
رہی جا کے نزدیک اُس چاہ کے

گدائی وہ کرتی تھی ہر صبح و شام
جو کچھ ہاتھ آتا تھا اُسکو طعام

وہ روزن سے بیژن کو پہنچاتی تھی
کچھ اک اُسمیں سے آپ بھی کھاتی تھی

جہاں آفریں داور دادرس
ہوا آخر کار فریاد رس

سنو کارسازیٔ جان آفریں
کہاں ہے بتا بیژن پہلواں
تو پہنچے تو اک بیشہ آیا نظر
بلائے گراں اس تہ خونِ خاک
بیاباں میں اک گور آیا نظر
سوئے بیژن آیا وہ مانند پیل
ولیکن ہوا گور وانسے رواں
نہ زینہار بیژن کا پایا نشاں
ہوا دل مرا سخت اندوہگیں
یہ سنکر سخنہائے بے اعتبار
یہ چاہا کہ گرگین بدکیش کا
اسے پیش کیخسرو نامدار
تُرے گیا تمہارے پور کو !!!
کرے ہے تو اب مکر کی گفتگو!
شتابی سے پھر تیغ کیں کھینچکر
دو صد تازیانے لگائے وہیں
گیا گیو لے کر اُسے پیش شاہ
مرا ماہ تھا ایک نورِ نظر
کرے ہے یہ گفتار مکر و فریب
پہنچ داد کو میری اے شہریار
کہ گرگیں نے تجھسے بیاں کیا کیا
شہ نے گرگیں کو دی گالیاں
نظر کر کے وہ طالع و وقت پر
یہ سنکر کہا شہ نے پھر گیو کو!
چھڑا لاؤں بیژن کو اب بند سے

کہ گرگیں گیا سوئے ایراں زمیں
یہ رازِ نہاں سربسر کر عیاں
پڑے جابجا تھے بریدہ شجر
کیا دشت کو ہم نے خوکانسے پاک
پسندیدہ و خرم و خوب تر
خروشاں و جوشندہ جوں رود نیل!
عقب اُسکے تھا بیژن پہلواں
نہ دیکھی کہیں صورتِ پہلواں
کئی دن ہوا واں اقامت گزیں
ہوا گیو بے اختیار اشکبار
کرے خنجر تیز سے سر جدا
تو لیجا کے اے پور فرخ شعار
کہاں گم کیا تونے اے کینہ جو!
ملاؤں تری خاک میں آبرو
کروں میں جدا جسم سے تیرے سر
کیا خستہ گرگیں کو از روئے کیں
بچشمِ پر آب و دل کینہ خواہ
کہ وہ رشک تھا جس سے شام و سحر
کہ سنکر اُڑا بس قرار و شکیب
کہ گرگیں نے مجھکو کیا سوگوار
سنا تھا جو اُسنے وہ شہ سے کہا!
کیا پھر گرفتار بندِ گراں
لگے کہنے پیش شہ نامور!
کہ رکھ جمع خاطر تو اے نامجو
ملاؤں تجھے تیرے فرزند سے

کہا گیو و گودرز سے جاکے سب
یہ گرگیں نے پاسخ دیا گیو کو
گرازان خونخوار آئے وہیں
ہوئے وانسے پھر سوئے ایراں رواں
طرف اُسکے دوڑا کے شبدیز کو
شتابی سے بیژن نے ڈالی کمند
نظر سے ہوا گور و بیژن نہاں
ملے توسن بیژن نامدار
غرض باغم و درد آیا یہاں
یہ سمجھا کہ بیشک ہوا وہ جواں
کہا لیک گودرز نے پھر وہیں
وہیں گیو پھر بادلِ دردمند
کیا تُنے مجھکو تباہ و خراب!
تجھے لے چلوں پیش خسرو ابھی
پکڑ بال گرگیں کے پھر بعد ازاں
ہوا نیلگوں سربسر جسم زار
کیا عرض اے شاہ گیتی پناہ
اُسے کر کے گم آپ آیا یہاں
بجز توسن بیژن پہلواں
یہ سنکر ہوا شاہ اندوہگیں!
پھر احوال گرگیں سے پوچھا تمام
کیا شہ نے پھر موبداں کو طلب
کہ توراں میں زندہ ہے وہ پہلواں
سوئے ملک توران میں کھینچوں سپاہ
یہ کہتا تو تھا خسرو پاک دیں

لگا پوچھنے گیو گرگیں سے تب
کہ نزدیک ارماں ہم اے نامجو
ہوئے اُنسے ہم گرم پیکار و کیں
طرب ساز و شاداں و صید افگناں
شتاباں ہوا بیژن نامجو!
کرے گور کے سر کو تا وہیں بند
شتاباں ہوئیں تفحص کناں
جو دیکھوں تو صحرا میں ہے بے سوار
یہ توسن جو پایا تو لایا وہیں
گرفتار رنج و بلا ناگہاں
کہ مت کھینچ اس پر تو اب تیغ کیں
یہ گرگیں سے بولا بہ بانگ بلند
کیا چشم و دل سے مرے صبر و تاب
اُسے اس حقیقت سے وہ آگہی
اُسے لیچلے وانسے گردنکشاں
ہوا بس وہ بیہوش انجام کار
مرے سر پہ آئی یکایک بلا
یہ گرگین بدکیش نکبت نشاں
نہیں اور بیژن کا ہرگز نشاں
لگا گیو سے کہنے خسرو وہیں
وہ بیہودہ کرنے لگا واں کلام
کہا دیکھو احوال بیژن کا اب
ولے ہے گرفتار بند گراں
وہاں جا کے ترکوں سے ہوں کینہ خواہ
ولے گیو کو تھا نہ ہرگز یقیں

کہ اختر شناسوں کی گفتار کا
نشاں پاویں اُس کا تو جو ہو مراد
تو نوروز کا کیجیو انتظار
ہوا گیو شاداں یہ سُنکر سخن
یہ کہہ کر گیا پہلواں اپنے گھر
ہوئے ہر طرف وہ متفحص کناں
گیا گیو با خاطرِ پُر اَلم !!
طلب کرکے پھر جام گیتی نما
بہت غور سے تھا نظارہ کناں
سوئے کشورِ کرگساراں نگاہ
اور اک دخت ہے اُسکی خدنگ گذار
مگر چاہ میں قید اور خستہ ہے
وہ بولا کہ اے خسروِ نامجو !
تہمتن ہے پیل افگن و شیر جنگ
ہوا گیو سے نامۂ شہریار
زباں پر سخن اور آنکھوں میں نم
کہ آرام سے اب وطن میں رہوں
ملے بیژن نامور کا یہ حال
مرا بیژن پہلواں پور ہے
یہ کہکر بجنگ وہ دلفروز
جو نزدیک پہنچا پیل نامدار
وہ رخت و جواہر جو تھا کیا
ہوا رستم گرد کا مداح خواں
ہے بیژن پور گیو دلیر !
زمیں بوس ہو کر وہ جنگ آزما

اُسے کچھ بھی زنہار باور نہ تھا
خبر دیں ہمیں آن کر شادشاد
کہ جب آوے نوروز و فصل بہار
دعا دی کہ اے سرورِ انجمن
ہوئیں پھر سواران پرخاش پر
ولیکن کہیں کچھ نہ پایا نشاں
دل زار بیتاب اور چشم نم
لگا دیکھنے شاہ کشور کشا
سوئے ہفت کشور شہ خسرواں
پڑی جب تو کیا دیکھا وہ شاہ ہے
کہ نسل کیانسے ہے وہ گلعذار
سلاسل سے بس ست و پا بستہ ہے
شتابی سے پروانگی مجھکو ہو
نبیگانہ کام اُس سے بس بیدرنگ
شتاباں سوئے رستم نامدار
فغاں کھینچتا بصد درد و غم
یہاں سے نہ زنہار جنبش کروں
ہوا سُنکے اُسے گیو غمگیں کمال
ہر اک دیدہ مرزار کا نور ہے !
رہے محفل آرا ہم تا سہ روز
تو وہیں بحکم شہ کامدار
وہاں تخت زر ایک برپا کیا
کہا تو ہے پشت پناہ کیاں
گوارا ہو تم دریغ اے نرہ شیر
دعا و ثنا کرکے کہنے لگا !

کہا شاہ نے پھر کہ اے نامدار
مبادا نہ ہوئے اگر آگہی !
نظارہ کروں جام گیتی نما !
جہانمیں تو رہ جیب تلک ہے جہاں
روانہ کئے گیو نے چار سُو !!
جو نوروز فرخ ہوا جلوہ گر
جو خسرو نے دیکھا اُسے بیقرار
ستارے جو ہیں سات افلاک کے
نشاں بیژن نام ور کا کہیں
کہ بیژن کنوئیں میں نگونسار ہے
کہا شاہ نے پھر گیو سے یہ بیاں
نہ اندیشہ کر رکھ خدا پہ نظر
کہ جاکر چھڑا لاؤں بیژن کو میں
مرا نامہ لے جا سوئے سیستاں
اُسے جا کے نامہ دیا شاہ کا !
یہ سُنکر تہمتن نے پاسخ دیا
بہت میں نے کھینچے ہیں رنج و محن
ترے درد سے میں جگر خستہ ہوں
تو رکھ جمع خاطر نہ کر اضطراب
بروزِ چہارم بسامان و ساز
گئے اُسکے لانے کو سب پہلواں
بٹھایا تہمتن کو اُس تخت پر
مددگار گردان ایراں دیار
کہ تیرے سوا اے پیل نامدار
کہ اے شاہ شاہاں وہی ہیں

پئے جستجو بھیج ہر سُو سوار
تو مت کیجیو صبر سے دل تہی !
کہ دریافت احوال ہو گرد کا
بصد حشمت و دولت نو فشاں
کریں جاکے بیژن کی وہ جستجو
تو پھر پیش کیخسروِ نامور
پریشان دل مضطر و اشکبار
لگے تھے وہ اُس جام میں ہر بسر
پدیدار ہوتا تھا ہر گز نہیں
بصد رنج و خواری گرفتار ہے
ترا پور زندہ ہے اے پہلواں
کہ آوے رہا ہو کے تیرا پسر
لگے کہنے خسرو کہ اے پہلواں
کہ تا آوے یاں رستم پہلواں
سب احوال بیژن مفصل کہا
کہ اے گیو میرا ارادہ یہ تھا
نہیں چاہتا دل کہ چھوڑوں وطن
پئے کار بیژن کمربستہ ہوں
کہ لاؤں رہا کرکے اسکو شتاب
روانہ ہوا رستم سرفراز
وہ آیا تو خسرو ہوا شادماں
وہ بیٹھا تو کیخسروِ نامور
بخشم افگنی تو ہے پیل نہار
نہیں چارہ گر یاں کوئی زینہار
ترا ہوں میں اک چاکر کمتریں

اگر سامنے آوے تیر و سناں
لگا کہنے خسرو کہ اے پہلواں
تہمتن یہ بولا کہ اے تاجور
شتاباں ہو اب مثل بازارگاں
یہ سنکر ہوا شاد شاہ جہاں!
گرانمایہ ہشت اور ہم بادپا
شترہا پر از پرنیاں و حریر
یلان نبرد آزما یک ہزار
تہمتن نے جب قصد توراں کیا
تو گرگیں کو رستم نے پاسخ دیا
کیا یہ سخن گرد نے جب بیاں
کہ گرگیں کو اب شہ رہا کیجئے
کہ بیژن رہا ہو کے آوے ادھر
ہوا ضامن اسباب کا پہلواں
تہمتن غرض مثل بازارگاں
ولیکن ہوا رستم شاد پھر
جو رستم نے دیکھا تو آیا شتاب
کئے پیشکش اور کیا عجز واں
لگا پوچھنے اے خجستہ جواں
رکھوں ہوں میں اے سرور انجمن
وہ بولا کہ تو شہر میں جاکے رہ
ہوا جبکہ آگاہ پیر و جواں
ہوا گرم بازار سوداگری
سوئے رستم گرد آئی رواں
خبر بیژن نامور کی بھی بس

تری حکم سے میں نہ موڑوں عناں
یلان قوی جنگ جتنے ہیں یاں
سپاہ گراں لیکے جاؤں اگر
کروں جاکے تدبیر ایسی وہاں
مہیا کیا رخت سوداگراں
وہ اشتر پُر از گوہر بے بہا
تحائف ہر اقلیم کے بے نظیر
گئے ہمرہ رستم نامدار!!
یہ گرگیں نے اُسوقت اس سے کہا
کہ صادر ہوئی تجھ سے ایسی خطا
ہوئی پور گرگیں کے زاری کناں
مرے ساتھ رخصت اُسے کیجئے
تو جانبخشی اُسکی بھی ہو زودتر
ہوا ساتھ رستم کے گرگیں رواں
جہاں کا ارادہ تھا پہنچا وہاں
اقامت گزیں جاکے بیرن شہر
حضور اُسکے کچھ تحفے لایا شتاب
نہایت ہی پیراں ہوا شادماں
تو ہے کون آیا کہاں سے یہاں
متاع گرانمایہ و دلپسند
مری پاس اب شوق سے آکرہ
کہ ایراں سے آیا ہے اک کارواں
ہر اک جنس کے تھے وہاں مشتری
دو دیدہ گہربار نالہ کناں
نہ پہنچی مگر سوئے ایراں رہیں

میں اس کام پر چست باندھوں کمر
انہیں ساتھ لیجا جنہیں چاہئے تو
تو ایسا نہ ہو کھا کے تو پیچ و تاب
کہ آساں ہو یہ کار مشکل شتاب
جو تیار یکدست ساماں ہوا
پُر از جامہائے سیہ صد شتر
ہزار اشتر القصہ ہمراہ تھے
وہ پہنے ہوئے جامۂ کارواں
رہا کہکے اے گرد فرخندہ خو
کہ لینا خطا ہے اب اے شوربخت
کیا عرض رستم نے پھر لاجرم
یہ رستم کو خسرو نے پاسخ دیا
کروں ورنہ گرگیں کو بیشک ہلاک
ولیکن ہوئے قید اُسکے پسر
کوئی شہر پیران ولیسہ کا تھا
ہوا اولکو جب میں نخچیر کا!!
وہ اسپ گرانمایہ اک جام زر
ولیکن نہ جانا یہ کچھ زینہار
یہ پیراں کو رستم نے پاسخ دیا
ہوا آکے وارد ترے شہر میں
نہیں مال کا تجھپہ تیمار کچھ
تب آئے حضور شہ ناموس
منیژہ نے یہ جبکہ پائی خبر!
کہا یوں کہ اے مرد عالی گہر
کہ ابتک نہ کوئی ہوا چارہ گر

چھڑا لاؤں بیژن کو اب زودتر
رواں لیکے ہو لشکر جنگجو
کہ سے قتل بیژن کو افراسیاب
ملے دست افسوس افراسیاب
تو رستم رواں سوئے توراں ہوا
متاع گرانمایہ پاکیزہ تر!
پُر از تحفۂ خوب و الوان تھے
بنے سربسر صورت سارباں
مجھے لے چل اب اپنے ہمراہ تو
ترا نام پیش خداوند تخت
حضور شہنشاہ کیواں علم
کہ یہ عہد میں نے ہے دل میں کیا
ملاؤں تن اُسکا تہ خون و خاک
بحکم شہنشہ بجائے پدر
مقام اسجگہ پہلتن نے کیا
سوئے دشت اک روز پیراں گیا
کہ اُس جام میں بے بہا تھے گہر
کہ یہ شخص ہے رستم نامدار
کہ بازارگاں ہو نہیں!! ایران کا
کہ صاحب وادہ ہے وہ بیر میں
کسی کو نہیں تجھسے بیکار کچھ
خریدار دیبا و اسپ و گہر
ہوئی تب شتاباں وہ رشک قمر
تجھے کچھ ہے گودرز بانکی خبر
کسی نے نہ بیچارہ کی لی خبر

وہی نوجواں گیو کا پور ہے
نہیں مجھکو دربار میں شہ کے بار
نہیں گیو گودرز سے آگہی
لگی کہنے یوں کھینچکر ایک آہ
کہ بیچاری ہوں اور ستمدیدہ ہوں
سر رحم سے پھر تہمتن وہیں
بیاں کر کہ تو کون ہے کیا ہے نام
منیژہ میں ہوں دخت افراسیاب
پھروں ہوں میں دربدر حال تباہ
وہ اک چاہ تاریک میں قید ہے
کنوئیں کے دہن پر ہے سنگ گراں
تو پہنچا سکیگی اُسے کچھ طعام
کہ لیجا تو یہ مرغ بریاں و ناں
وہ خاطم جو رستم کے تھی نام کی
کہ ہر روز و شب کھینچتا تھا تو آہ
منیژہ یہ بولی کہ میں نے کیا
وہ بولا کہ اے گل رخ لالہ فام
طعام اُسنے تیرے لئے جو دیا
یہ پوچھا اُس سے اے مرد زور آزما
شتاباں ہوئی وانسے وہ دلربا
گئی نصف شب القصہ جب گذر
دہن پر کنوئیں کے دھرا تھا جو سنگ
کنوئیں میں جو تہا وہ گرفتار بند
وہ زنجیر توڑی وہیں سر بسر
کروں ایک شبخوں میں اب دم شتاب

پڑا قید میں سخت مجبور ہے
کسی سے بھی واقف نہیں زینہار
نہ کر مغز میرا تو ناحق تہی!
کہ بے چارگی پر مری کر نگاہ
پریشان و دلریش و رنجیدہ ہوں
یہ بولا کہ زیر سپہر بریں
ہوا زرد کیوں عارض لالہ فام
کیا گردش آسماں نے خراب
لکھا تھا قضا نے یہی سر پہ آہ
ستمدیدہ چرخ پُر کید ہے
کیا سنگ کا ماجرا سب بیاں
وہ پہنچائے تھی جسطرح سے مدام
رکھی اُس میں اپنی انگوٹھی نہاں
یکایک جو ہاتھ اُس جواں کے لگی
سبب کیا جو اس وہم کیا قاہ قاہ
ترے عشق میں مال و جاں کو فدا
کہاں سے تو یہ آج لائی طعام
سُنا جب یہ بیژن نے تب یوں کہا
تو بیژن کو کیونکر کرے گا رہا
تہمتن سے پیغام بیژن کہا
تہمتن نے اسوقت باندھی کمر
دیا پھینک اُسکو اُٹھا بے درنگ
نکالا اُسے ڈال کر پھر کمند!
لگا کہنے بیژن سے پھر نامور
بسوئے سیستان افراسیاب

ہوا پُر غضب رستم نامجو
کہ ہو نہیں تو اک مرد بازارگاں
منیژہ لگی رونے پھر زار زار
نہیں چاہیئے سرد مہری تجھے
یہ آئین ایراں سے ہے دور تر
پڑا مجھ پہ یکبارگی کیا غضب
منیژہ لگی کہنے کر کے فغاں
محبت سے بیژن کی اے نامور
کہوں کیا میں احوال بیژن کا اب
بندھے اُسکے زنجیر میں دست و پا
دلاسا بہت دیکے وہ پیلتن
وہ طور اُسنے رستم سے ظاہر کیا
منیژہ نے جاکر دیا جب طعام
کیا قہقہہ دیکھ انگشتری
وہ بولا رکھے راز کو گر نہاں
دلے اب تلک بھی تو ہے بدگماں
کیا یہ منیژہ نے اُس سے بیاں
یقیں ہے کہ رستم کا وہ کارواں
کہے تجھسے جو کچھ تو وہ کیجیو!
یہ کہہ کر بفرمان رستم وہاں
لئے ہفت گردان جنگ آزما
پڑا سنگ جاکر سوئے دشت چیں
گرفتار زنجیر پایا اُسے!!
کہ کھینچے بہت تو نے رنج و تعب
کہ تا اسکو معلوم ہو یہ سخن

کہا رو کے رو سے مرے دور ہو
نہ سردار ہو نہیں نہ کچھ پہلواں
ہوئی دیدۂ زار سے اشکبار
نہ کر دور ڈنگ نہ دے مجھے
کہ بیچارگاں کی نہ پوچھیں خبر
ہوئی جو گرفتار رنج و تعب
کروں حال اپنا میں کیا بیاں
پڑی افسر و تخت سے دور تر
پڑا ناگہاں اُسکے سر پہ غضب
فغاں دل سے کھینچے ہے جو صبح و مسا
لگا کہنے اُس سے کہ اے گلبدن
یہ سنکر تہمتن نے اُس سے کہا
ہوا بیژن پہلواں شادکام
لگی کہنے وہیں وہ رشک پری
تو آگے ترے میں کہوں میرا حال
بڑا حیف ہے تجھسے اے پہلواں
کہ آیا ہے ایراں سے اک کارواں
رہائی کو میری اب آیا یہاں
تغافل کو تو راہ مت دیجیو
رہی وہ پری پیکر دلستاں
سر چاہ پر وہ دلاور گیا
ہلی اُسکے صدمے سے توران زمیں
گلے سے شتابی لگایا اُسے
منیژہ کو تو یاں سے جا لیکے اب
کہ آکر یہاں رستم پیلتن

اسیری سے بیژن کو کر کے رہا — دلیرانہ ساتھ اپنے اب لیگیا
جو مانند زندان یاں آنکر — شبا شب ہوا خوف سے رہ سپر
چلوں ساتھ تیرے میں اے شیر مرد — کروں جلکے تورانیاں سے نبرد
غرض رستم و بیژن پہلواں — گئے سوئے قلعہ با ہفت جنگ آوراں
کیا پاسبانوں کو یکسر ہلاک — گئے قلعہ میں پھر وہ بیخوف و باک
ہوا پھر رواں رستم نامدار — سوئے خانۂ شاہ توراں دیار
کنوئیں میں جو بیژن گرفتار تھا — ہوا بند سے آج بارے رہا
تلافی کو بیژن کی آیا یہاں — مرا نام ہے رستم پہلواں
پہنچکے تہمتن نے اندر کہیں — سر تخت اک گرز مارا وہیں
ہر اک گھر دا اک زن مہ جمال — شبستاں سے لیکر گیا خوش کمال
یلاں نے کیا جاکے آرام و خواب — ولیکن دم صبح افراسیاب
ہزار اسکے ہمراہ تھے پہلواں — نبرد آزمایان جنگ آوراں
مقابل نہ آیا کوئی زینہار! — تہمتن نے کھینچا بہت انتظار
ملے ساتھ میرے نہیں تا بجنگ — مگر کچھ نہیں ہے تجھے عار و ننگ
دلیری و مردی و جرأت مری — بہت آزمائی سپہ نے تری
ہوا اسکے شرمندہ افراسیاب — سواروں سے بولا یہ کرکے عتاب
دلیرانہ تم گرم پیکار ہو! — کہ یہ بیژن و رستم جنگ جو!
سنی جب سواروں نے گفتار شاہ — ہوئے حملہ آور سوئے رزمگاہ
تہمتن نے لے کر وہیں گرز و تیغ — کئے قتل ترکاں بہت بیدریغ
ہوا جب نہ میداں میں کچھ کامیاب — گیا سوئے چیں وانسے افراسیاب
کئے کشتہ و خستہ صدہا ہزار — پھر آیا بالفتح و ظفر نامدار
سنا جبکہ یہ مژدہ دل نواز — ہوا شاد کیخسرو سرفراز!
گیا جب کہ نزدیک درگاہ شاہ — تو آکر جہاندار گیتی پناہ!
دعا و ثنا کی تہمتن نے بھی! — شہنشہ کی لایا بجا بندگی
ہوا شاد کیخسرو پاک دیں — ہوئے گیو و گودرز بھی خوش یہیں

دگرنہ کہیں گے یہ تورانیاں — کہ نامرد تھا رستم پہلواں
لگا کہنے یوں بیژن نامدار — نجاؤں تجھے چھوڑ کر زینہار
کیا منع ہرچند رستم نے پر — گیا ساتھ رستم کے وہ نامور
زرہ پو دلیری شتاباں ہوئے — مقابل وہاں پاسباناں ہوئے
سپہ ساتھ انکے گئی گرم کیں — ولیکن ہوئے کشتہ یکسر وہیں
یہ آواز دی جاکے دہلیز پہ — کہ سنکے تو اے شاہ بیداد گر
ذرا سوچ دلمیں کہ جور استقدر — روا کون رکھتا ہے داماد پر
یہ آواز سن کر بصد اضطراب — گریزاں ہوا شاہ افراسیاب
پھر اک نازنیں پریچہرہ کو — پھر اواں سے لیکر لیا نام جو
سوا اس کے کتنی پریچہر گل — گئیں آپ ہمراہ ایرانیاں
سپہ لے کے آیا پے کارزار — ہوا انکے رستم بھی یوں ہی سوار
مبارز لگا کرنے رستم طلب — کہ ہو ہم نبرد آنکے کوئی اب
کہا پھر کہ اے شاہ افراسیاب — اگرچہ تری فوج ہے بیحساب
کئی بار دیکھا ہے تو نے مجھے — کہ دی میں نے تنہا ہزیمت تجھے
زبوں سخت ہیں مجھ سے تیرے سوار — تو آیا عبث یاں پے کارزار
کہ اے نامداران توران میں — یہ ہے رزمگاہ جائے عشرت نہیں
نہ جاں بر ہوں میداں سے اب یہاں — نہ ایراں کا زندہ رہے اک سوار
سواران توران ایرانیاں — ہوئے گرم پیکار آکر وہاں
ہوئے کشتہ تورانیاں بیشتر — رہے غالب ایرانیاں سربسر
گیا اسکے دنبال رستم دواں — دو فرسنگ مانند شیر ژیاں
زر و مال و اسباب افراسیاب — گیا لیکے پھر سوئے ایراں شتاب
گئے پیشوا نامداراں تمام — ہوئے دیکھ کر اسکو سب شاد کام
تہمتن کو باصد خوشی لیگیا — ثنا خواں ہوا رستم گرد کا
منیژہ بھی اور بیژن پہلواں — گئے جب حضور شہ خسرواں
ہوا دور خاطر سے اندوہ غم — لگے رہنے مسرور و خرم بہم

ہوئی ختم بیژن کی اب داستاں | سنو قصہ برزو پہلوان

جنگ کردن برزو با رستم و رسیدن افراسیاب در ایران و رفتن کیخسرو بمقابلہ او با فوج گران و شکست خوردن افراسیاب و باز رفتن بطرف توران

جو ناکام ہو کر بصد اضطراب — سوئے چیں گیا شاہ افراسیاب
کہ اے بادشاہ ہوں میں تیرا پسر — نہیں جانتا لیک نام پدر
ہوا آن کے وہ طلبگار آب — پلایا اسے پانی اسنے شتاب
روانہ ہوا یاں سے پھر وہ سوار — بحکم خدا یہ ہوئی باردار
جو پیدا ہوا میں تو شاہنشہا — مرا نام مادر نے برزو رکھا
مرا ایک دشمن ہے رستم بنام — دلیری و مردی میں مشہور عام
اگر وہ نہ ہووے تو حیرت نہیں — کہ ہو گرم کیں فوج ایران میں
سنا جب یہ برزو نے تب یوں کہا — کہ افسوس صد حیف شاہنشہا
لگا کہنے سالار عالی وقار! — وہ یک تن ہے مانند یکصد ہزار
نہ اس پر ہو گرز و سناں کارگر — نہ ہرگز کرے تیغ و آہن اثر
کرے میدانمیں جسدم ستیزہ کریں — تو صد کوہ آہن کو ریزہ کرے
نہیں ہے اگر رزم کی تجھکو تاب — رکھا نام کیوں شاہ افراسیاب
یہ سنکر ہوا منفعل بادشاہ — ہوا اس سے خواہان امداد شاہ
تو دوں تجھکو میں دختر مہ جبیں — کروں تجھکو سالار اقلیم چیں
شہ چیں کو اور شاہ ایران کو — کروں بند میں ہو کے پیکار جو
ہوا شاد یہ سنکے افراسیاب — سو خانہ برزو کو لایا شتاب
زر و افسر و گنج و لشکر دیا! — سرافراز برزو کو اسنے کیا
ولے اسکی ماں دوڑی آئی وہاں — کہا آکے برزو سے اسنے میاں
تہمتن سے عہدہ بر آئی نہیں — تجھے تاب جنگ آزمائی نہیں

تو آیا نظر راہ میں اک جوان — تنومند مانند پیل دمان!
سنا ہے یہ ماں سے کہ اک روز یاں — کہیں اک سوار آگیا ناگہاں
ہوئی اسکے دل میں جو غالب ہوس — جواں نے کیا اسکو ہمخواب بس
خدا جانے تھا کون وہ پہلوان — نہیں اسکا معلوم نام و نشان
جو دیکھا اسے شاہ نے بیلتن — رواں ساتھ اسکے کیا یہ سخن
مجھے سخت اب اسنے عاجز کیا — پراگندہ خاطر ہوں صبح و مسا
گماں ہے یہ مجھکو کہ ہنگام جنگ — تہمتن ترے ہاتھ سے ہووے تنگ
تو اک گرد سے ہے دلیروں اسقدر — ترے ہاتھ سے دیں میں ہے خوف و خطر
توانائی اسکی بیاں کیا کروں — بجا ہے اگر کوہ آہن کہوں
یہ سنکر ہوا خندہ زن پہلواں — کہا شاہ سے اسنے پھر یوں بیاں
سپہ تیری اور تو بھی نامرد ہے — کہ دل یوں تہمتن سے پژمردہ ہے
نہیں تجھکو شایاں ہے تاج شہی — نہیں تجھکو زیبا کلاہ مہی!
کہا یوں کہ گر کشتہ ہو پہلواں — ترے ہاتھ سے رستم پہلواں
قسم کھا کے برزو بہ پیش شاہ — کہا یوں کہ اے شاہ خورشید جاہ
لگاؤں میں اب آگ ایران میں — کروں خوں سے یکساں زابلستان میں
سراپردہ و فیل و اسپان و زین — دو صد نازنینان با چین جبین
